★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعۃ المبارک 12 شوال 1446ھ، 11 اپریل 2025ء 27 چیت 2081 پ (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 159

مریم نواز کا آسان کاروبار فنانس کیلئے ضرورت کے مطابق قرض دینے کا حکم

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس، کاروبار فنانس کیلئے 80 ہزار قرض کی درخواستیں منظور، ری کارڈ کے ذریعے 34 ہزار کاروباری افراد کیلئے لون کا اجراء کیا گیا

وزیراعلیٰ نے سکیم کو آسان تر بنانے کی ہدایت کر دی اور نئے یونٹ قائم کرنے والے کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کا حکم بھی دیا، وزیراعلیٰ نے قرض حاصل کرنے والے تمام افراد سے فیڈ بیک لینے کی ہدایت کر دی



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ''کاروبار فنانس سکیم'' سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

لاہور (خبر نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آسان کاروبار فنانس اور آسان کاروبار کارڈ سکیم کو آسان تر بنانے کی ہدایت کی اور حکم دیا ہے کہ کاروباری حضرات کو ضرورت کے مطابق لون دیئے جائیں۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت خصوصی (بقیہ نمبر 1)

لاہور ہائیکورٹ نے اسحاق ڈار کی بطور ڈپٹی وزیراعظم تقرری کیخلاف اپیل مسترد کر دی

بادی النظر میں آئین وزیراعظم کو اجازت دیتا ہے کہ وہ کسی رکن اسمبلی یا سینیٹر کو کسی منصب پر فائز کر دیں، عدالت

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ نے اسحاق ڈار کی بطور ڈپٹی وزیراعظم کی تقرری کے خلاف اپیل مسترد کر دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس چوہدری محمد اقبال کی سربراہی میں 2 رکنی بینچ نے محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے اسحاق ڈار کی بطور ڈپٹی وزیراعظم تقرری کے خلاف (بقیہ نمبر 11)

سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن اور آئی ایم ایف کے درمیان ملاقات مؤخر

ایسوسی ایشن کے صدر میاں رؤف عطاء کی عدم دستیابی کے باعث ملاقات مؤخر کی گئی

اسلام آباد (خبر نگار) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن اور آئی ایم ایف کے درمیان ملاقات مؤخر ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے صدر میاں رؤف عطاء کی عدم دستیابی کے باعث ملاقات مؤخر کی گئی۔ سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن اور (بقیہ نمبر 12)

آرمی ایکٹ درست، ملٹری ٹرائل کیلئے آزادانہ فورم کیوں نہیں؟ آئینی بنچ

کنٹونمنٹ میں شاپنگ مالز بن گئے، میں زبردستی اندر جاؤں تو کیا میرا بھی ملٹری ٹرائل ہوگا؟ جسٹس افغان

اسلام آباد (خبر نگار) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ کے رکن جسٹس نعیم اختر افغان نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق کیس کی سماعت میں استفسار کیا ہے کہ (بقیہ نمبر 2)

11 آئی پیز اور سی پی پی اے نے نیپرا کو بجلی کے ٹیرف میں کمی کی درخواست دیدی

اسلام آباد (خبر نگار) ہنبلے انڈیپنڈنٹ پاور پروڈیوسرز (آئی پی پیز) کی جانب سے بجلی ٹیرف میں کمی کے حوالے سے ایک اور (بقیہ نمبر 10)

یو ای ٹی کو پاکستان کا سب سے اعلیٰ تحقیقاتی مرکز بنایا جائیگا

احسن اقبال

وفاقی وزیر احسن اقبال کا یو ای ٹی لاہور کا دورہ، جاری ترقیاتی کاموں کا جائزہ لیا

یونیورسٹی کے ہاسٹلز، تدریسی عمارات، اور دیگر انفراسٹرکچر پر جاری تعمیراتی کاموں کا معائنہ کیا، متعدد نئے منصوبوں کی منظوری بھی دی

لاہور (خبر نگار) وفاقی وزیر منصوبہ بندی و ترقی، احسن اقبال نے یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ای ٹی) لاہور کا دورہ کیا، جہاں وائس چانسلر ڈاکٹر شاہد منیر نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ دورے کے دوران وفاقی وزیر نے یو ای ٹی اور اس کے سب کیمپسز (بقیہ نمبر 31)

برآمدات سے ملکی آمدن میں اضافہ، حکومت کی اولین ترجیح

وزیر اعظم

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت برآمدات سہولت سکیم (EFS) کے حوالے سے جائزہ اجلاس میں برآمدات سہولت سکیم کو مؤثر بنانے اور برآمدی شعبے کا اس سے استفادہ یقینی بنانے کیلئے قائم کمیٹی کی عبوری سفارشات پیش کی گئیں

برآمدی صنعتوں کے خام مال اور مشینری کی درآمد پر سہولت کیلئے سکیم کو مزید مؤثر بنانے کے حوالے سے کمیٹی کی سفارشات پر شعبے کے ماہرین سے مزید مشاورت یقینی بنائی جائے۔ میاں شہباز شریف

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملکی آمدن میں برآمدات سے اضافہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت برآمدات سہولت سکیم (EFS) کے حوالے سے جائزہ اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں برآمدات سہولت سکیم کو مؤثر بنانے اور برآمدی شعبے کا اس سے استفادہ یقینی بنانے کیلئے قائم کمیٹی کی عبوری سفارشات پیش کی گئیں۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز (بقیہ نمبر 13)



وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی مصدق ملک پریس کانفرنس کر رہے ہیں

امریکی ڈیلیگیشن کے وفد نے عمران خان کی رہائی کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی

رانا ثناء اللہ

بانی پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کو پہلے بھی تیار تھے، اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا

بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں سے بات کرنے کو تیار ہوں تو معاملہ حل ہو سکے گا' وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ امریکی ڈاکٹروں کے وفد نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کے حوالے سے کوئی بات نہیں کی، وہ صرف حال چال پوچھنے آئے تھے، سوشل میڈیا پر ہر کسی کو اپنی بات کہنے کا حق ہے، سوشل میڈیا پر پی ٹی آئی کے گالم بریگیڈ سے ہر کسی کو مسئلہ ہے، بانی پی ٹی آئی اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کو پہلے بھی تیار تھے، اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا، بانی پی ٹی آئی سیاسی جماعتوں سے بات کرنے کو تیار ہوں تو معاملہ حل ہو سکے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) (بقیہ نمبر 8)

امریکی ٹیرف سے ترقی پذیر ممالک متاثر ہو رہے ہیں مسئلہ حل ہونا چاہیے، پاکستان

تعلیمی ویزوں کی معطلی کے حوالے سے امریکا کے ساتھ رابطے میں ہیں، امریکا ہماری ایک بڑی برآمدی منزل ہے، امریکا کی جانب سے تیز رفتار ٹیرف تبدیلیاں دیکھ رہے ہیں

اس معاملے پر وزیراعظم نے بھی ایک اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کی ہے، پاکستان کے افغانستان کے ساتھ اہم تعلقات ہیں، حال ہی میں نمائندہ خصوصی کا دورہ کابل کافی اہم رہا: ہفتہ وار بریفنگ

اسلام آباد (خبر نگار) ترجمان دفتر خارجہ شفقت علی خان نے کہا کہ ہے کہ تعلیمی ویزوں کی معطلی کے حوالے سے امریکا کے ساتھ رابطے میں ہیں، امریکا کی جانب سے بگرام میں ایئربیس قائم کرنے کے معاملہ پر وزیراعظم نے بھی ایک اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کی ہے، ترجمان نے کہا کہ امریکا ہماری ایک بڑی برآمدی منزل ہے، امریکا کی جانب سے تیز رفتار ٹیرف تبدیلیاں دیکھ رہے ہیں، اس معاملے پر وزیراعظم نے بھی ایک اسٹیئرنگ کمیٹی قائم کی ہے، ترجمان نے کہا کہ امریکا میں تعلیمی ویزوں کی معطلی کے حوالے سے امریکا کے ساتھ رابطے میں ہیں، امریکا کی جانب سے وار میڈیا بریفنگ میں ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ امریکا ہماری ایک بڑی برآمدی منزل ہے، امریکا کی جانب سے تیز رفتار ٹیرف تبدیلیاں دیکھ رہے ہیں، حال ہی میں ختم کیا گیا یو گریڈ پروگرام پاکستان طالب علموں کے لیے ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا تھا۔ شفقت علی خان نے کہا کہ پاکستان کے افغانستان کے (بقیہ نمبر 16)

امریکا کا چین کے سوا تمام ملکوں پر ٹیرف 90 دن کیلئے معطل

چین پر 125 فیصد ٹیرف فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، چین کو جلد احساس ہو جائے گا دھوکا دینا اب قابل قبول نہیں ہوگا

75 سے زائد ملکوں نے امریکا کے ساتھ مذاکرات کا فیصلہ کیا ہے، 90 روزہ مدت کے دوران 10 فیصد ٹیرف نافذ رہے گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان سمیت جوابی ٹیرف نہ لگانے والے ملکوں کو ٹرمپ نے رعایت دیدی۔ امریکی صدر نے چین کے سوا تمام ملکوں پر ٹیرف 90 دن کیلئے معطل کر دیا، ڈونلڈ ٹرمپ نے چین پر ٹیرف کی شرح 125 فیصد تک بڑھا دی، امریکی صدر نے کہا کہ چین پر 125 فیصد ٹیرف فوری طور پر نافذ العمل ہوگا، چین کو جلد احساس ہو جائے گا دھوکا دینا اب قابل قبول نہیں ہوگا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ 75 سے زائد ملکوں نے امریکا کے ساتھ مذاکرات کا فیصلہ کیا ہے، 90 روزہ مدت کے دوران 10 فیصد ٹیرف نافذ رہے گا۔

حکومت پی ٹی آئی کی بچھائی معاشی بارودی سرنگیں ناکارہ بنا رہی ہے

طلال چوہدری

پی ٹی آئی اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی بھونڈی کوشش کر رہے ہے، پی ٹی آئی نے آئی ایم ایف سے سخت شرائط پر معاہدے کیے، پاکستان کی عالمی ساکھ متاثر کرنے کی کوشش کی، یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نیاپنے دور حکومت میں معیشت کو تباہ کیا

پی ٹی آئی کے لوگ حقائق سے عاری ہیں، تحریک انصاف کے دور میں پاکستان کے دوست ممالک سے تعلقات متاثر ہوئے، یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے عوام کو مہنگائی، بیروزگاری اور غیر یقینی کی دلدل میں دھکیلا۔ وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی اپنی ناکامیوں پر پردہ ڈالنے کی بھونڈی کوشش کر رہے ہے، موجودہ حکومت انہی کی بچھائی گئی معاشی بارودی سرنگوں کو ناکارہ بنا رہی ہے۔ پی ٹی آئی رہنما شیخ وقاص اکرم کے بیان پر ردعمل میں طلال چودھری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی نے آئی ایم ایف سے سخت شرائط پر معاہدے کیے، پاکستان کی عالمی ساکھ متاثر کرنے کی کوشش کی، یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نیاپنے دور حکومت میں معیشت کو تباہ کیا۔ طلال چودھری کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کے لوگ حقائق سے عاری ہیں، تحریک انصاف کے دور میں پاکستان کے دوست ممالک سے تعلقات متاثر ہوئے، یہ وہی لوگ ہیں جنہوں نے عوام کو مہنگائی، بیروزگاری اور غیر یقینی کی دلدل میں دھکیلا۔ وزیر مملکت داخلہ نے (بقیہ نمبر 15)

9 مئی مقدمہ، عمر ایوب، زرتاج گل کی مسلسل غیر حاضری پر عدالت کا اظہار ناراضی

گوجرانوالہ (خبر نگار) انسداد دہشت گردی عدالت گوجرانوالہ نے 9 مئی ہنگامہ آرائی گھیراؤ جلاؤ کیس میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب اور زرتاج گل کی مسلسل غیر حاضری پر اظہار ناراضی کیا ہے۔ اے ٹی سی گوجرانوالہ میں پی ٹی آئی رہنماؤں کی عبوری درخواست ضمانتوں پر سماعت ہوئی، عمر ایوب اور زرتاج گل عدالت میں (بقیہ نمبر 18)

دھاندلی سے مسلط 'سلیکٹڈ' کو گھر بھیجنے کے تاریخی دن کو 3 سال مکمل، بلال اظہر کیانی

پاکستان کو اِن عذابوں میں مبتلا کرنے والے بدقسمتی سے آج بھی نہیں بدلے، وزیر مملکت

اسلام آباد (خبر نگار) وزیر مملکت بلال اظہر کیانی نے پاکستان تحریک انصاف اور اس کے بانی پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ دس اپریل 2022 کے تاریخی دن کو آج تین سال مکمل ہو گئے جب دھاندلی سے مسلط کردہ 'سلیکٹڈ وزیراعظم' کو تحریک عدم اعتماد کے ذریعے گھر بھیجا گیا جسے ناکام بنانے کے لئے پی ٹی آئی نے ہر غیر آئینی ہتھکنڈا استعمال کیا۔ سماجی رابطے کی (بقیہ نمبر 17)



اسلام آباد، جمعیت علمائے اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمان قومی فلسطین کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے



وفاقی وزیر احسن اقبال اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کا وزیراعلیٰ مریم نواز کی خصوصی ہدایت پر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کا دورہ

لاہور (این این آئی) چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین نے وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایت پر پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کا دورہ (بقیہ نمبر 29)

پاکستان سے مزید 6108 افغان باشندے اپنے وطن واپس چلے گئے

2 ہزار 799 غیر قانونی رہائش پذیر ہونے پر ڈی پورٹ ہوئے، رپورٹ

لاہور (این این آئی) پاک افغان طورخم بارڈر سے افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹے میں مجموعی طور پر 6 ہزار 108 افغان باشندے وطن واپس پہنچے جن میں 2 ہزار 799 غیر قانونی رہائش پذیر ہونے پر ڈی پورٹ ہوئے ہیں۔ محکمہ داخلہ کی رپورٹ کے مطابق واپس لوٹنے والوں میں سے افغان سٹیزن کارڈ کے حامل تین ہزار 30 افراد (بقیہ نمبر 30)



لاہور: وزیر اوقاف و مذہبی امور پنجاب چوہدری شافع حسین کے ساتھ علماء کرام کا گروپ فوٹو

صوبائی جسٹس کمیٹی کے تحت انٹیگریٹڈ کریمنل جسٹس سسٹم کا آغاز

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ نے لاہور اور رحیم یار خان میں پائلٹ پراجیکٹس کا افتتاح کر دیا

انٹیگریٹڈ کریمنل جسٹس سسٹم کی تیاری کے مراحل میں تمام اسٹیک ہولڈرز پارٹنرشپ نے مکمل دلجمعی سے کام کیا: جسٹس مس عالیہ نیلم

لاہور (خبر نگار) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی خصوصی ہدایت پر تیار کردہ انٹیگریٹڈ کریمنل جسٹس سسٹم فنکشنل ہو گیا۔ لاہور اور رحیم یار خان میں انٹیگریٹڈ کریمنل جسٹس سسٹم کے پائلٹ پراجیکٹس کا آغاز کیا گیا ہے، جس کا باقاعدہ افتتاح چیئرمین پرسن صوبائی جسٹس کمیٹی چیف جسٹس مس عالیہ نیلم نے کیا۔ فاضل چیف جسٹس (بقیہ نمبر 37)

عمران خان کی 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر اہم پیشرفت

بانی تحریک انصاف کے وکیل سلمان صفدر کے دلائل مکمل، جوابی دلائل کے لیے پراسیکوشن طلب

درخواست گزار کیخلاف جھوٹے مقدمات بنائے گئے، تمام آٹھ مقدمات میں مدعی پولیس ہی ہے' وکیل سلمان صفدر

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ میں نومئی کے جلاؤ گھیراؤ کے مقدمات میں بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی ضمانت کی درخواستوں پر اہم پیش رفت ہوئی ہے، 8 مقدمات میں ضمانت کی درخواستوں پر وکیل سلمان صفدر کے دلائل مکمل ہو گئے، عدالت نے جوابی دلائل کے لئے پراسیکوشن کو طلب کر لیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس سید شہباز رضوی اور جسٹس (بقیہ نمبر 38)

میانمار کے کیمپوں سے مزید 21 پاکستانی شہری بازیاب

یہ افراد انسانی اسمگلنگ اور جھوٹی نوکریوں کے جھانسے میں آ کر پھنس گئے تھے، جہاں ان سے جبری مشقت لی جاتی تھی

ینگون (خبر نگار) میانمار کے خطرناک اسکیم کمپاؤنڈز (کیمپوں) سے مزید 21 پاکستانی شہریوں کو بازیاب کروا لیا گیا ہے۔ یہ افراد انسانی اسمگلنگ اور جھوٹی نوکریوں کے جھانسے میں آ کر پھنس گئے تھے، جہاں ان سے جبری مشقت لی جاتی تھی۔ پاکستان کی سفیر رخسانہ افضال نے متاثرہ پاکستانیوں کو بینکاک سے وطن روانہ کیا۔ یہ میانمار سے واپس آنے والا دوسرا (بقیہ نمبر 26)

دسواں میلہ 326 ویں خالصہ جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے بھارتی سکھ یاتری پاکستان پہنچ گئے

وزیر مملکت مذہبی امور کھیل داس کوہستانی، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے دیگر کے ہمراہ یاتریوں کا استقبال کیا

6751 سکھ یاتری پاکستان پہنچ چکے ہیں: وزیر مملکت کھیل داس کوہستانی

لاہور (خبر نگار) دسواں میلہ اور 326 ویں خالصہ جنم دن کی تقریبات میں شرکت کے لئے 6 ہزار سے زائد سکھ یاتری بھارت سے واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئے۔ وزیر مملکت مذہبی امور کھیل داس کوہستانی، صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، سیکرٹری متروکہ وقف املاک بورڈ فرید اقبال، ایڈیشنل سیکرٹری شرائنز سیف اللہ کھوکھر، اراکین صوبائی اسمبلی سونیا (بقیہ نمبر 23)

سپریم کورٹ کے باہر احتجاج، پی ٹی آئی رہنما نعیم حیدر پنجوتھا کی ضمانت کنفرم

اسلام آباد (خبر نگار) سپریم کورٹ کے باہر احتجاج کے کیس میں پی ٹی آئی رہنما نعیم حیدر پنجوتھا کی ضمانت کنفرم کر دی گئی۔ ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد کے جج محمد (بقیہ نمبر 21)

سموگ تدارک کیس کی سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ میں سموگ تدارک کیس کی سماعت آج (جمعہ) کے روز ہو گی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شاہد کریم درخواستوں پر سماعت کریں گے۔

پاکستان اور تیونس کے مابین تجارت بڑھانے کی ضرورت ہے، شافع حسین

چوہدری شافع حسین سے پاکستان میں تیونس کے اعزازی قونصل جنرل ایم حمید کی ملاقات، تجارت کے فروغ پر بات چیت

قائداعظم بزنس پارک شیخوپورہ میں گارمنٹ سٹی بن رہا، گارمنٹ سٹی میں ٹیکسٹائل سیکٹر سے وابستہ ملکی اور غیر ملکی سرمایہ کار نئی انڈسٹری لگائیں گے: صوبائی وزیر

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین سے پاکستان میں تیونس کے اعزازی قونصل جنرل ایم حمید نے ملاقات کی۔ پیسک ہاؤس میں ہونے والی ملاقات میں پاکستان بالخصوص پنجاب اور تیونس کے مابین تجارت کے فروغ پر بات چیت (بقیہ نمبر 19)

امانت میں خیانت کے ملزم کی ضمانت خارج ہونے پر عدالت سے فرار کی کوشش ناکام

پولیس نے ملزم ملک ناصر کو احاطہ عدالت سے گرفتار کر لیا، ملزم کیخلاف ڈال کر لوگوں سے فراڈ کرتا ہے، مدعی

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائیکورٹ میں امانت میں خیانت کے مقدمے میں ملزم کی ضمانت خارج ہونے پر فرار کی کوشش پولیس نے ناکام بنا دی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس شہباز رضوی نے امانت میں خیانت کے کیس پر سماعت کی۔ ملزم نے ضمانت خارج ہوتے ہی فرار ہونے کی کوشش کی جسے پولیس اہلکاروں نے ناکام بنا دیا۔ پولیس نے ملزم ملک ناصر کو احاطہ عدالت (بقیہ نمبر 20)



لاہور: چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس عالیہ نیلم انٹیگریٹڈ کریمنل جسٹس سسٹم کے پائلٹ پراجیکٹس کا افتتاح کر رہی ہیں

پی ٹی آئی میں کلچر بن چکا کسی کو گندا کرنا تو اسٹیبلشمنٹ کا آدمی بنا دو، شیر افضل مروت

چند لوگوں نے بانی پی ٹی آئی کو حصار میں لیا ہوا ہے، جو لوگ پہلے میرے اور بیرسٹر گوہر کے خلاف ہوئے، انٹرویو

سلمان اکرم راجا نے بیرسٹر گوہر کو ساتھ بٹھا کر ان کی تضحیک کی، کبھی ایسا فیصلہ نہیں ہوا کہ بہنیں نہیں جائیں گی تو ملاقات کا بائیکاٹ ہوگا

اسلام آباد (خبر نگار) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت کا کہنا ہے پاکستان تحریک انصاف میں کلچر بن چکا ہے کہ کسی کو گندا کرنا ہو تو اس پر اسٹیبلشمنٹ کا آدمی ہونے کا الزام لگا دو۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے شیر افضل مروت کا کہنا تھا کہ چند لوگوں نے بانی پی ٹی آئی کو حصار میں لیا ہوا ہے، جو لوگ پہلے میرے اور علی امین گنڈاپور کے خلاف ہوئے وہی اب بیرسٹر گوہر کے خلاف بول رہے ہیں۔ (بقیہ نمبر 22)

ذہنی معذور متاثرین کا بیان قلمبند کیے بغیر مقدمے کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا، لاہور ہائیکورٹ

21 سالہ زیادتی کا شکار گونگی، بہری اور ذہنی معذور لڑکی کو اغوا کے بعد زیادتی کا نشانہ بنانے کے مقدمے میں عمر قید کی سزا پانے والے ملزمان کی اپیلوں پر 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری

مقدمہ دوبارہ ٹرائل کورٹ کو ریمانڈ کرتے ہوئے متاثرہ لڑکی کا بیان ریکارڈ کرنے کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) لاہور ہائی کورٹ نے قانونی نکتہ طے کرتے ہوئے حکم دیا ہے کہ ذہنی معذور متاثرین کا بیان قلمبند کیے بغیر مقدمے کا فیصلہ نہیں کیا جا سکتا۔ لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ نے 21 سالہ زیادتی کا شکار گونگی، بہری اور ذہنی معذور لڑکی کو اغوا کے بعد زیادتی کا نشانہ بنانے کے مقدمے میں عمر قید کی سزا پانے والے ملزمان کی اپیلوں پر 9 صفحات پر مشتمل تحریری فیصلہ جاری کر دیا۔ عدالت نے (بقیہ نمبر 24)

بیٹے کی کوئی ہاؤسنگ سکیم نہیں اور نہ میرے اکاؤنٹ میں 49 ارب ہیں

جس نے تحقیق کرنی ہے میرے دروازے کھلے ہیں، مولانا طارق جمیل

مکوآنہ (خبر نگار) معروف عالم دین مولانا طارق جمیل کا کہنا ہے کہ میرے بیٹے کی نہ تو کوئی ہاؤسنگ سکیم نہیں اور نہ ہی میرے اکاؤنٹ میں 49 ارب موجود ہیں، جس نے تحقیق کرنی ہے میرے دروازے کھلے ہیں، رپورٹس کے مطابق سوشل میڈیا پر بینک اکاؤنٹ (بقیہ نمبر 25)

چیئرپرسن وزیراعلیٰ پنجاب انسپکشن، سرویلنس و مانیٹرنگ ڈائریکٹوریٹ بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین انسٹی ٹیوٹ آف مینٹل ہیلتھ کا دورہ کر رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز



لاہور: پامی کے صدر چوہدری عبدالرحمن دیگر عہدیداروں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

صوبائی حکومت کی نافذ کردہ سنٹرل انڈکشن پالیسی کو مسترد کرتے ہیں: پروفیسر ڈاکٹر چوہدری عبدالرحمٰن

سٹیک ہولڈرز کو فیصلہ سازی میں جگہ دی جائے،، پی ایم ڈی کونسل میں ہمارا نمائندہ مقرر کیا جائے۔صدر پامی

،سنٹرل انڈکشن پالیسی نے میرٹ کا جنازہ نکال دیا، پالیسی ختم کی جائے کوالٹی سٹینڈرڈ کے نام پر کرپشن کا بازار گرم، بند کیا جائے۔ پریس کانفرنس

صوبائی وزیر صحت اپنا قبلہ درست کریں اور ہمارے مسائل حل کریں : پامی

ہماری بات پر توجہ نہ دی گئی تو میڈیکل کالجز کی تالہ بندی کر کے سڑکوں پر احتجاج کیا جائے گا: پامی

یو ایچ ایس کے علاوہ کنگ ایڈورڈ اور پنجاب یونیورسٹی جیسے دیگر اداروں کے ساتھ الحاق کی اجازت دی جائے۔ مطالبہ

لاہور (خبر نگار) پامی کے صدر پروفیسر ڈاکٹر چوہدری عبدالرحمن کی زیر صدارت گزشتہ روز پاکستان ایسوسی ایشن آف پرائیویٹ میڈیکل ایجوکیشنل انسٹی ٹیوٹس کی جنرل باڈی کے اجلاس کا انعقاد کیا گیا،اجلاس میں نجی میڈیکل و ڈینٹل کالجوں اور کوویڈ سائل پر تفویض کیا گیا،اجلاس میں نجی میڈیکل و ڈینٹل کالجوں کی ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے علاوہ پنجاب یونیورسٹی کے نمائندوں نے بھی شرکت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ پامی کی کونسل میں ہمارا نمائندہ شامل نہیں ہے جو کہ ہمارے ساتھ سراسر ناانصافی ہے

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 11 اپریل 2025ء

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد کا مختلف امتحانی مراکز کا دورہ

امتحانی سنٹرز میں تمام ایس او پیز کے مطابق امتحانات پرامن طریقہ سے جاری ہیں۔ امتحانی مراکز میں کسی بھی غیر متعلقہ افراد کے داخلہ پر مکمل پابندی عائد ہے



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے مختلف امتحانی سنٹرز کا دورہ کرتے ہوئے وہاں امتحانات کے پرامن اور شفاف انعقاد کے سلسلہ میں کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز ہائی سکول جوریاں اور گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری سکول کموکی میں قائم امتحانی مراکز کا دورہ کرتے ہوئے وہاں امتحانات کے پرامن انعقاد کے سلسلہ میں محکمہ تعلیم اور تعلیمی بورڈ گوجرانوالہ کی جانب سے کیے جانے والے انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ امتحانی سنٹرز میں تمام ایس او پیز کے مطابق امتحانات پر امن طریقہ سے جاری ہیں۔ امتحانی مراکز میں کسی بھی غیر متعلقہ افراد کے داخلہ پر مکمل پابندی عائد ہے تمام طلباء وطالبات بڑے پرامن طریقہ سے اپنے پیپرز دے رہے ہیں۔ امتحانی مراکز میں بجلی، بچوں کے پینے کے لیے پانی سمیت دیگر سہولیات و انتظامات کا خاص طور پر خیال رکھا گیا ہے۔ بعد ازاں ڈپٹی کمشنر نے آر ایچ سی کموکی کا بھی دورہ کیا جہاں انہوں نے ہسپتال میں مریضوں کیلئے دستیاب علاج معالجہ کی سہولیات، مفت ادویات کی فراہمی، بچوں کی حفاظتی ویکسین اور دیگر انتظامات کا جائزہ لیا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہسپتال کی ری ویمپنگ کے سلسلہ میں ہونے والے تعمیراتی کاموں کا بھی جائزہ لیا۔

ایس او ایس چلڈرن ویلج یتیم بچوں کا مسکن ہے۔ چوہدری امتیاز علی وریاہ

ایسے اداروں سے تعاون کرکے بے سہارا بچوں کا سہارا بننا ممکن ہے۔ رئیل اسٹیٹ ٹائیکون



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) معاشرے میں پائے جانے والے معصوم بے سہارا و یتیم لاوارث بچوں کو کمپرسی و لاچاری میں ان کی چارہ گری ہر ایک کے بس کی بات نہیں نہ ہی اجگل کی بجی و پروفیشنل گونگلو صروفیات میں سے کوئی اکیلا شخص ایسے بچوں کی کفالت کرنے کیلئے ہمہ وقت کام کرسکتا ہے مگر ایس او ایس چلڈرن ویلج دیکھ کر انتہائی مسرت ہوئی کہ جہاں بے سہارا یتیم بچوں کی تعلیم و تربیت کیساتھ انکو بہترین یونیفارم و ضرورت کی اشیاء کی فراہمی کیساتھ کے تحفظ، تعلیم، ذہنی و جسمانی نشوونما اور لاوارث بچوں کا سہارا بننے پر ایس او ایس ویلج کی سماجی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ ہوسکے تو ہر ایک کو آگے بڑھ کر ایسے اداروں کے محض ایک بچے کے ماہانہ یا سالانہ اخراجات اپنے ذمہ کے کرنیک عمل میں اپنا عملی کردار کرنا چاہئے کہ کوئی بے سہارا بچہ بھکاری بننے کی بجائے ایسے اداروں کے سکولز سے معیاری تعلیم و تربیت حاصل کر کے کل کا قابل پاکستانی بچہ بن سکے۔

پنجاب حکومت کی پالیسیز پر عملدرآمد کررہے ہیں: فیصل شہزاد

شہر کی خوبصورتی کیلئے نئے سرے سے عملی اقدامات کرونگا۔ چیف آفیسر ضلع کونسل

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنگھیڑہ کی زیر قیادت ضلع سیالکوٹ میں حکومت پنجاب کی ہدایات پر اینٹی انکروچمنٹ آپریشن کیا جائیگا۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فیصل شہزاد نے اپنے عہدے کا چارج لینے کے موقع پر موجود سینیر صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ شہر اقبال کو مزید پرکشش و خوبصورت بنانے کیلئے اپنی بھرپور صلاحیتوں اور ہر ممکنہ فنڈز بروئے کار لاتے ہوئے تعمیری کام کئے جائینگے جس کے لئے متعدد قابل عملہ کے ساتھ سروے کروائے جارہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے احکامات کے مطابق ضلع سیالکوٹ میں جاری ترقیاتی منصوبوں کی نگرانی شروع کی ہے شہریوں کی سہولیات کیلئے کاوشیں کرینگے۔

جہلم شعبہ تعلقات عامہ کے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر محمد نبیل جہلم سے لاہور تبدیل شہزاد احمد نئے ڈی آئی او تعینات ذمہ داریاں سنبھال لیں گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شعبہ تعلقات عامہ کے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر محمد نبیل جہلم سے لاہور تبدیل شہزاد احمد نئے ڈی آئی او تعینات زمہ داریاں سنبھال لیں گئیں تفصیلات کے مطابق انتہائی خوش اخلاق خوش گفتار نوجوان ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر محمد نبیل گزشتہ روز جہلم سے لاہور ٹرانسفر ہو گئے محمد نبیل نے دوران تعیناتی ضلع جہلم کے صحافیوں کے ساتھ یادگار وقت گزرا جہلم پریس کلب کے عہدیداران و ممبران نے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر محمد نبیل کی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا نیک تمناؤں کے ساتھ الوداع کیا

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی خصوصی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد شہزاد اکرم نے زیر تعمیر ماڈل یونین کونسلز بلڈنگ کا دورہ کیا

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) ندیم ناصر کی خصوصی ہدایات پر ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ محمد شہزاد اکرم نے زیر تعمیر ماڈل یونین کونسلز بلڈنگ کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کام کی سست رفتاری پر شدید برہمی کا اظہار کیا اور تعمیراتی میٹریل کے معیار کو بھی چیک کیا۔ انہوں نے کہا کہ ماڈل یونین کونسلز دفاتر کی تعمیر میں کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ نے کام کی رفتار کو تیز کرنے کی ہدایت کی اور اعلیٰ معیار کے میٹریل کا استعمال یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ان ماڈل یونین کونسلز کی بروقت اور معیاری تکمیل حکومت کی اولین ترجیح ہے۔



لیبر ڈیپارٹمنٹ فعال کردار ادا کر رہا ہے: ڈپٹی ڈائریکٹر کاشف عزیز

مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور چائلڈ لیبر کے خاتمہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں

تیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ لیبر تیخوپورہ کے ڈپٹی ڈائریکٹر کاشف عزیز نے کہا ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ فعال کردار ادا کر رہا ہے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور چائلڈ لیبر کے خاتمہ کیلئے موثر اقدامات اٹھائے گئے ہیں جن کے تحت محکمہ کے فیلڈ افسران و ملازمین روزانہ کی بنیاد پر مختلف علاقوں کا وزٹ کرکے چائلڈ لیبر کی روک تھام کی خاطر کاروائیاں کر رہے ہیں جبکہ مقامی انڈسٹریز کی مانیٹرنگ بھی جاری ہے جن میں کام کرنے والے مزدوروں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے تمام اختیارات بروئے کار لائے جارہے ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، ڈپٹی ڈائریکٹر لیبر کاشف عزیز نے کہا کہ ضلع تیخوپورہ پاکستان کا تیسرا بڑا صنعتی زون ہے جس میں سیکٹروں چھوٹی بڑی صنعتیں قائم ہیں ان میں لاکھوں مزدور کام کرکے اپنا روزگار چلا رہے ہیں جنہیں پنجاب حکومت کی طرف سے طے کردہ بنیادی تنخواہ سمیت دیگر مراعات اور سہولیات کی فراہمی کا جائزہ لینا محکمہ لیبر کی ذمہ داری ہے جسے باحسن انجام دیا جارہا ہے جبکہ صنعتی یونٹس و کارخانوں میں مزدوروں کی سیکیورٹی کے اقدامات کو بھی مسلسل مانیٹر کیا جارہا ہے تاکہ دوران ڈیوٹی ناگہانی حالات میں مزدوروں کی جانوں کو تحفظ حاصل ہو سکے۔

غیر قانونی ایل پی جی اور پٹرول پمپس کے خلاف بڑی کاروائیاں

سول ڈیفنس کی ٹیموں نے نواحی علاقہ بنگلہ گوگیرہ میں متعدد مقامات پر پٹرول پمپس اور ایل پی شاپس کی چیکنگ کی



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر کی غیر قانونی ایل پی جی اور پٹرول پمپس کے خلاف بڑی کاروائیاں، سول ڈیفنس کی ٹیموں نے نواحی علاقہ بنگلہ گوگیرہ میں متعدد مقامات پر پٹرول پمپس اور ایل پی شاپس کی چیکنگ کی اور کاروائی کرتے ہوئے 3 غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور 3 پٹرول پمپس سیل کر دیے، اس موقع پر سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر نے کہا کہ خلاف قانون چلائے جانے والے ایل پی جی شاپس اور پٹرول پمپس کا کوئی قانونی جواز نہیں، حکومتی ہدایات کے مطابق کام کرنے والے پیٹرول پمپس اور ایل پی جی شاپس کو ہی کاروبار کرنے کی اجازت دی جائے گی، ایل پی جی شاپس اور پٹرول پمپ مالکان قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں اور قواعد و ضوابط کے تحت کاروبار کریں۔

وزیراعظم کا فوکس تعلیم، صحت و ترقی پر ہے: فاقی وزیر مملکت

تقریب میں سیالکوٹ و گردونواح کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی سیاسی سماجی شخصیات سمیت ٹیچرز ٹاپ پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات نے شرکت کی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) طلباء قوم کا سنہری مستقبل ہیں اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اڑان پاکستان پروگرام مستقبل کے معماروں کو بہترین تعلیم کیساتھ فنی و جدید علوم کی فراہمی کیلئے عملی انداز سے شروع کیا ہے جس میں پاکستانی قابل و ہونہار طلباء کو انکی صلاحیتوں کے عین مطابق تمام اہم ترین شعبہ جات میں دنیا کے جدید ترین سلیبس و سہولیات اور پروفیشنلز اساتذہ کی فراہمی ممکن بنائی گئی ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر مملکت پاکستان چوہدری ارمغان سبحانی وریو نے چونڈہ میں ایک نجی کالج میں بطور چیف گیسٹ اساتذہ طلباء و عمائدین شہر سے خطاب کے دوران کیا۔ تقریب میں سیالکوٹ و گردونواح کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی سیاسی سماجی شخصیات سمیت ٹیچرز ٹاپ پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر مملکت نے شرکاء میں سوینیئر بھی تقسیم کئے

عائشہ ارشد خان لودھی اور ممبر پنجاب اسمبلی نوید اسلم خان لودھی کی ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی پنجاب ظہیر عباس ملک سے ملاقات

ڈی جی آرکیالوجی کو ہڑپائی و ستر پیش کی گئی، ملاقات میں ہڑپہ کے ورثہ کو دنیا میں متعارف کرنے کے لئے مختلف تجاویز کو زیر غور رکھا گیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ اور ممبر پنجاب اسمبلی نوید اسلم خان لودھی صاحب کی ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی پنجاب ظہیر عباس ملک صاحب سے ملاقات جس میں ڈی جی آرکیالوجی کو ہڑپائی و ستر پیش کی گئی، ملاقات میں ہڑپہ کے ورثہ کو دنیا میں متعارف کرنے کے لئے مختلف تجاویز کو زیر غور رکھا گیا اور کامیاب فیسٹیول پر محترمہ کو آرکیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مبارک باد دی گئی اور اس بات کو تسلیم کیا گیا کہ فیسٹیول کی وجہ سے ہڑپہ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے اور ہڑپہ کو حکومت پنجاب کی طرف سے ٹورسٹ پوائنٹ بھی ڈکلیئر کر دیا گیا ہے انشاءاللہ ہڑپہ کو بہت جلدی بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائیگا

خصوصی بچوں کو متحرک اور سرگرم رکھنے کیلئے سماجی تقریبات کا انعقاد جاری رہنا چاہئے

کہ خصوصی بچوں کی سماجی خوشیوں میں شراکت داری ان کی تربیت و بحالی کے علاوہ احساس محرومی کے خاتمے کا ذریعہ ہے: خالدہ رفیق

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خالدہ رفیق نے کہا ہے کہ خصوصی بچوں کی سماجی خوشیوں میں شراکت داری ان کی تربیت و بحالی کے علاوہ احساس محرومی کے خاتمے کا ذریعہ ہے لہٰذا خصوصی بچوں کو متحرک اور سرگرم رکھنے کیلئے سماجی تقریبات کا انعقاد جاری رہنا چاہئے۔ انہوں نے یہ بات نظیم المسان میں خصوصی بچوں کیلئے منعقدہ عید ملن پارٹی کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہی، جس میں چیئرمین پاسبان گروپ میجر (ر) شاہنواز مہمان خصوصی تھے۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عثمان حبیب، صدر نظیم المسان ڈاکٹر افتخار احمد، سینئر نائب صدر چوہدری سرفراز احمد، نائب صدر پروفیسر ڈاکٹر قاسم جنرل سیکرٹری سبحان گل، فنانس سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر محمد ایوب، جوائنٹ سیکرٹری چوہدری طارق نذیر، لیگل ایڈوائزر ایڈووکیٹ پرنسپل کلثوم افتخار، اس پرنسپل شائستہ ارشاد و دیگر معزز اس موقع پر موجود تھے۔ میجر شاہنواز، ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر خالدہ رفیق و دیگر مہمان بچوں کے کلاس رومز میں گئے، ان کے ساتھ کیک کاٹے اور ان میں کھانے پینے کی اشیاء کے گفٹ پیکس تقسیم کیے۔ وہ خصوصی بچوں میں گھل مل گئے اور ان سے پیار و شفقت کا اظہار کرتے ہوئے عید ملن پارٹی میں ان کی پرعزم شرکت اور خوشیوں بھرے جذبات کو سراہا۔ انہوں نے پلے گروپ سے پوسٹ گریجوایشن سطح پر خصوصی طالب علموں کی پیہم تعلیم و تربیت، بحالی اور فلاح و بہبود کے حوالے سے نظیم والمسان کی فلاحی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ معاشرے کے اس طبقے کو مفید شہری بنانے کا یہ اہم فریضہ ہے جس کیلئے اجتماعی کوششیں جاری رہنی چاہئے۔ صدر نظیم المسان ڈاکٹر افتخار احمد نے بتایا کہ مختلف سنٹرز میں زیر تعلیم خصوصی بچوں کو تعلیم و تربیت کے ساتھ ساتھ کھیلوں سمیت مذہبی و قومی تہواروں اور دیگر سماجی تقریبات میں شرکت کے مواقع فراہم کئے جاتے ہیں تاکہ وہ بھی معاشرے کی فعال زندگی کے دائرے میں رہیں۔



مصر صحت خوراک کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف گھیرا مزید تنگ

فوڈ سیفٹی ٹیم نے چھاپہ مار کر 200 کلو سے زائد بیمار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کرا دیا



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مضر صحت خوراک کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف گھیرا مزید تنگ کر دیا، فوڈ سیفٹی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر لالیاں کے نواحی علاقہ میں چھاپہ مار کر 200 کلو سے زائد بیمار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کرا دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ خفیہ طور پر ذبح کئے گئے جانور کا گوشت مختلف ہوٹلز پر سپلائی کیا جانا تھا جس کو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنایا اور 200 کلو سے زائد گوشت کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ فوڈ سیفٹی ٹیموں کے معمول کے مطابق شہر بھر میں 119 فوڈ پرنسز کا معائنہ بھی کیا اور متعدد پوائنٹس کو اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے گئے۔ اس دوران 19 فوڈ پرنسز کو حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی اور خوراک کے ناقص معیار کی وجہ سے یک لاکھ 17 ہزار روپے کے بھاری جرمانے کیے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 30 لیٹر ملاوٹی دودھ، 3 کلو سے زائد ایکسپائرڈ اشیاء تلف کرا دی گئیں۔

محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں تقرریاں میرٹ کے برعکس

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیاست کی کرامات وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ورژن میرٹ و صرف میرٹ کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی گئیں محکمہ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ میں پنجاب پبلک سروس کمیشن کے ذریعے ایم ایس سول انجینئرنگ یو ای ڈی لاہور سے پوسٹ گریجویٹ کرنے والے ایس ڈی او کو تبدیل کرکے اس کی جگہ ایک ڈپلومہ ہولڈر (DAE) سب انجینئر کو تعینات کر دیا گیا گریڈ 17 کا افیسر موجود ہونے کے باوجود جس کا ابھی موجودہ مدت ملازمت باقی ہے اور سیالکوٹ میں ڈیڑھ سال مکمل بھی نہیں ہوا اسے کیسے اور کس کے کہنے پر تبدیل کر دیا گیا کیا ساری زندگی ہم انہی چکروں میں پڑے رہیں گے اپنے سیاسی آقاؤں کے اشاروں پر اتنی محنت سے جو پڑھ لکھ کر نوکریوں پر آتے ہیں انہیں اس لیے مجبور کیا جاتا ہے کہ وہ سیاسی آقاؤں کے ڈیروں کے چکر لگاتے رہیں۔

مصر صحت خوراک کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف گھیرا مزید تنگ

فوڈ سیفٹی ٹیم نے چھاپہ مار کر 200 کلو سے زائد بیمار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کرا دیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے مضر صحت خوراک کے کاروبار سے منسلک افراد کے خلاف گھیرا مزید تنگ کر دیا، فوڈ سیفٹی ٹیم نے خفیہ اطلاع پر لالیاں کے نواحی علاقہ میں چھاپہ مار کر 200 کلو سے زائد بیمار جانور کا انتہائی مضر صحت گوشت برآمد کر کے تلف کرا دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز ڈاکٹر محمد قاسم رضا نے بتایا کہ خفیہ طور پر ذبح کئے گئے جانور کا گوشت مختلف ہوٹلز پر سپلائی کیا جانا تھا جس کو ٹیم نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے ناکام بنایا اور 200 کلو سے زائد گوشت کو موقع پر تلف کر دیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ فوڈ سیفٹی ٹیموں کے معمول کے مطابق شہر بھر میں 119 فوڈ پرنسز کا معائنہ بھی کیا اور متعدد پوائنٹس کو اصلاحاتی نوٹسز جاری کئے گئے۔ اس دوران 19 فوڈ پرنسز کو حفظان صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی، ایکسپائرڈ مصنوعات کی موجودگی اور خوراک کے ناقص معیار کی وجہ سے یک لاکھ 17 ہزار روپے کے بھاری جرمانے کیے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ 30 لیٹر ملاوٹی دودھ، 3 کلو سے زائد ایکسپائرڈ اشیاء تلف کرا دی گئیں۔

محکمہ ہائر ایجوکیشن پنجاب کے سالانہ سپورٹس مقابلوں میں گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین بھکھی کی شاندار کارکردگی

طالبات نے گولڈ میڈل، سلور میڈل اور برونز میڈل حاصل کر کے پنجاب بھر میں بھکھی (شیخوپورہ) کا نام روشن کیا

شیخوپورہ (نامہ نگار) محکمہ ہائر ایجوکیشن کے تحت تیسرے سالانہ سپورٹس فیسٹیول 2025 کا باضابطہ افتتاح گزشتہ روز صوبائی وزیر ہائر ایجوکیشن رانا سکندر حیات نے کیا۔ اس فیسٹیول میں پنجاب بھر کی 9 ڈویژن سے سینکڑوں کھلاڑی طلبہ شرکت کر رہے ہیں۔ ان کھیلوں کے مقابلوں میں گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی ضلع شیخوپورہ کی طالبات نے بھی لاہور ڈویژن کی نمائندگی کی۔ پرنسپل محترمہ پروفیسر مس نعمانہ محمد یاری سرپرستی میں کھلاڑیوں نے اتھلیٹک مقابلوں میں بھرپور نمائندگی کی۔ پانچ روزہ مقابلوں کا آج پہلا دن تھا۔ جس میں بھکھی خواتین کالج کی کھلاڑیوں نے ڈسکس تھرو اور 100 میٹر 4× 100 کی ریلے ریس میں گولڈ میڈل حاصل کیے۔ جبکہ ٹرپل جمپ اور 800 میٹر ریس اور 100 میٹر رکاوٹوں کی دوڑ میں سلور میڈل جیتے۔ اسکالرشپ گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین بھکھی ضلع شیخوپورہ نے 400 میٹر 4× کی ریلے ریس اور 400 میٹر ریس اور ہائی جمپ میں بروز میڈل حاصل کیے۔ ان ہونہار طالبات نے 100 میٹر اور 200 میٹر ریس میں بھی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے چوتھی پوزیشن حاصل کی۔ گورنمنٹ ڈگری کالج برائے خواتین بھکھی کی شاندار کامیابیوں پر اہل علاقہ، بچیوں کے بھائی، سماجی، فلاحی تنظیموں اور ضلع پریس کلب بھکھی کے عہدیداران نے لاہور ڈویژن کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر احسن مختار ملک، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز ضلع شیخوپورہ پروفیسر بھکھی ادریس، کالج کی پرنسپل محترمہ پروفیسر مس نعمانہ محمد یار، انچارج سپورٹس/ ڈائریکٹر فزیکل ایجوکیشن بھکھی اور کھلاڑی طالبات کو مبارکباد دی۔

وزیراعظم کا فوکس تعلیم، صحت و ترقی پر ہے: فاقی وزیر مملکت

تقریب میں سیالکوٹ و گردونواح کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی سیاسی سماجی شخصیات سمیت ٹیچرز ٹاپ پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات نے شرکت کی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) طلباء قوم کا سنہری مستقبل ہیں اور وزیراعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف نے اڑان پاکستان پروگرام مستقبل کے معماروں کو بہترین تعلیم کیساتھ فنی و جدید علوم کی فراہمی کیلئے عملی انداز سے شروع کیا ہے جس میں پاکستانی قابل و ہونہار طلباء کو انکی صلاحیتوں کے عین مطابق تمام اہم ترین شعبہ جات میں دنیا کے جدید ترین سلیبس و سہولیات اور پروفیشنلز اساتذہ کی فراہمی ممکن بنائی گئی ہے۔ ان باتوں کا اظہار وزیر مملکت پاکستان چوہدری ارمغان سبحانی وریو نے چونڈہ میں ایک نجی کالج میں بطور چیف گیسٹ اساتذہ طلباء و عمائدین شہر سے خطاب کے دوران کیا۔ تقریب میں سیالکوٹ و گردونواح کے تمام شعبہ جات سے تعلق رکھنے والی سیاسی سماجی شخصیات سمیت ٹیچرز ٹاپ پوزیشن ہولڈر طلباء وطالبات نے شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر مملکت نے شرکاء میں سوینیئر بھی تقسیم کئے

عائشہ ارشد خان لودھی اور ممبر پنجاب اسمبلی نوید اسلم خان لودھی کی ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی پنجاب ظہیر عباس ملک سے ملاقات

ڈی جی آرکیالوجی کو ہڑپائی و ستر پیش کی گئی، ملاقات میں ہڑپہ کے ورثہ کو دنیا میں متعارف کرنے کے لئے مختلف تجاویز کو زیر غور رکھا گیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) محترمہ عائشہ ارشد خان لودھی صاحبہ اور ممبر پنجاب اسمبلی نوید اسلم خان لودھی صاحب کی ڈائریکٹر جنرل آرکیالوجی پنجاب ظہیر عباس ملک صاحب سے ملاقات جس میں ڈی جی آرکیالوجی کو ہڑپائی و ستر پیش کی گئی، ملاقات میں ہڑپہ کے ورثہ کو دنیا میں متعارف کرنے کے لئے مختلف تجاویز کو زیر غور رکھا گیا اور کامیاب فیسٹیول پر محترمہ کو آرکیالوجی ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے مبارک باد دی گئی اور اس بات کو تسلیم کیا گیا کہ فیسٹیول کی وجہ سے ہڑپہ کی اہمیت مزید بڑھ گئی ہے اور ہڑپہ کو حکومت پنجاب کی طرف سے ٹورسٹ پوائنٹ بھی ڈکلیئر کر دیا گیا ہے انشاءاللہ ہڑپہ کو بہت جلدی بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائیگا

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اچانک رورل ہیلتھ سنٹر کڑک محمدی شریف تحصیل بھوآنہ پہنچ گئے

صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچانے کے لئے موثر اقدامات جاری رہنے چاہئیں



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل اچانک رورل ہیلتھ سنٹر کڑک محمدی شریف تحصیل بھوآنہ پہنچ گئے اور انتظامات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے ادویات کی دستیابی اور مریضوں کو علاج معالجہ کی فراہمی کا ریکارڈ دیکھا اور کہا کہ صحت کے شعبہ میں حکومتی اقدامات کے ثمرات عام مریضوں تک پہنچانے کے لئے موثر اقدامات جاری رہنے چاہئیں۔ انہوں نے رورل ہیلتھ سنٹر کی انتظامیہ سے کہا کہ وہ مریضوں کو علاج معالجہ کی فراہمی میں رکاوٹ نہ آنے دیں۔ انہوں نے ادویات کو مناسب درجہ حرارت میں رکھنے کے انتظامات بھی دیکھے۔ ڈپٹی کمشنر نے موقع پر موجود مریضوں اور ان کے لواحقین سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو ان کی دہلیز پر علاج معالجہ کی معیاری طبی سہولیات کی فراہمی ترجیح ہے اسی سلسلے میں ہیلتھ مراکز کی مکمل اپگریشن بھی کی جارہی ہے تاکہ دستیاب وسائل کو دانشمندانہ انداز میں بروئے کار لانے کے ساتھ درکار سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جاسکے۔

مصطفیٰ آباد: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام کلچر ڈے کا اہتمام

تقریب میں اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عثمان اصغر کی سربراہی میں مرکز کے درجنوں سکولوں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی



مصطفیٰ آباد/لیانی (نمائندہ خصوصی) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی قصور کے زیر اہتمام کلچر ڈے کا اہتمام، تقریب میں اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عثمان اصغر کی سربراہی میں مرکز کے درجنوں سکولوں کے طلباء وطالبات نے شرکت کی تفصیلات کے مطابق پنجاب کلچرل ڈے کے حوالے سے گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بیواں مرکز مصطفیٰ آباد میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی قصور کے زیر اہتمام و انتظام مرکز مصطفیٰ آباد کے سکولوں کے درمیان بیت بازی، پنجابی تقریر، کلیکرافی، پنجابی لباس اور ٹھیٹھ شاہ اور دیگر پنجابی صوفی شعراء کے کلام پر مبنی شاعری پر مقابلوں کا انعقاد کیا گیا، تقریب میں اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر عثمان اصغر کی سربراہی میں مرکز کے درجنوں سکولوں کے اساتذہ کے ساتھ آئے طلباء وطالبات نے مقابلوں میں شرکت کی ان مقابلوں میں گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول رائے کلاں کے ہیڈ ماسٹر حماد ازور، گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ستوکی سے محمد یعقوب اور گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول دفتو کے ہیڈ ماسٹر احمد شاکر نے ججز کے فرائض سرانجام دیئے، اسسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر مصطفیٰ آباد عثمان اصغر نے کلچرل ڈے کے حوالے سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی علاقے میں بسنے والوں کی اصل پہچان اس علاقے کا کلچر ہوتا ہے، انہوں نے کہا کہ پنجاب کا کلچر بہت قدیم اور خوبصورت ہے لیکن دور حاضر میں پنجاب کے لوگ اپنے کلچر سے دور ہوتے جارہے ہیں اس دن کو منانے کا مقصد یہی ہے کہ پنجاب کی نئی نسلیں اپنے کلچر کو اپنائیں اور اپنی ماں بولی پنجابی زبان سمیت اپنے پنجاب کے کلچر کو پروان چڑھائیں۔

پروفیسر ڈاکٹر سجاد میمن نے بابا گورونانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے وائس چانسلر کا اضافی عہدہ سنبھال لیا

چارج سنبھالنے کے موقع پر پروفیسر میمن نے یونیورسٹی کو درکار مسائل کو حل کرنے اور ادارے کو ایک ترقی یافتہ بنانے کے ویژن کا اظہار کیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گبر) پروفیسر ڈاکٹر سجاد میمن، وائس چانسلر یونیورسٹی آف اوکاڑہ نے بابا گورو نانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے وائس چانسلر کا اضافی عہدہ سنبھال لیا۔ تفصیلات کے مطابق پروفیسر ڈاکٹر سجاد میمن، وائس چانسلر یونیورسٹی آف اوکاڑہ کو چھ ماہ کے لیے بابا گورو نانک یونیورسٹی ننکانہ صاحب کے وائس چانسلر کا اضافی چارج سونپا گیا۔ اپنے نئے چارج سنبھالنے کے موقع پر، پروفیسر میمن نے یونیورسٹی کو درکار مسائل کو حل کرنے اور اس ادارے کو ایک ترقی یافتہ، خوشحال اور منافع بخش ادارہ بنانے کے اپنے ویژن کا اظہار کیا۔ بابا گورو نانک یونیورسٹی کے گیکٹلی ممبران سے ملاقات کی انہوں نے مختلف شعبوں میں ایم فل پروگرامز شروع کرنے کی ہدایات دیں اور ایلائیڈ سائنسز میں ڈگری پروگرامز شروع کرنے کا اعلان بھی کیا۔ کلاس رومز کا دورہ کرتے ہوئے، وائس چانسلر نے طلباء سے ملاقات کی اور ان کے مسائل اور مشکلات سنی۔ ڈاکٹر میمن نے عوام

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

پاک از بک معاہدے

وزیراعظم شہباز شریف کے دورہ ازبکستان میں ان کے ہم منصب ازبک صدر شوکت میرزیاوف سے ملاقات، وفود کی سطح پر ملاقات، دوطرفہ اور علاقائی امور پر تبادلہ خیال، مشترکہ اعلامیہ اور مشترکہ پریس کانفرنس سے دونوں ملکوں کے باہمی تعلقات کو بلند سطح پر لے جانے کا عزم نمایاں ہوا ہے۔ دفاع اور تجارت ایسے شعبے ہیں جن میں تعاون و اشتراک کی نوعیت تعلقات کی گہرائی و گیرائی ظاہر کرتی ہے۔ ازبکستان کے نائب وزیر دفاع کے ساتھ پاکستان کے ایئر چیف مارشل سے ملاقات، دفاعی تعاون بڑھانے، مشترکہ تربیت اور ایئر اویشن شعبے میں تکنیکی تعاون کی بات چیت سے دونوں ملکوں کے روابط کی اہمیت مزید واضح ہوئی ہے۔ دونوں ممالک کے تجارتی وفاق، ایکسچینج تربیت، میڈیا اور نوجوانوں کا باہمی رابطے کے شعبوں میں وفود کے تبادلوں کا فیصلہ 10 معاہدوں اور ایم او یوز پر منتج ہوا ہے۔ ان رابطوں سے سائنس، تحقیق، ٹیکنالوجی، سیاحت، ثقافت، ماحولیات، ہیلتھ کیئر کے لیے ویزا فری سفر، شہری ایکسچینج، دوطرفہ سرمایہ کاری، ٹیکسٹائل، زراعت، توانائی، معدنیات، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ٹرانسپورٹ اور ریلوے کے شعبوں میں معاہدوں کی دستاویزات کا تبادلہ کیا جائے گا۔ کئی دہائیوں پر محیط دوستانہ تعلقات کی بنیاد پر دونوں ملکوں کے عوام کے درمیان گہرے روابط قائم ہیں۔ ان روابط کو مضبوط بنانے کے لیے 2018ء میں ویزا فری سفر کا معاہدہ کیا گیا تھا۔ اس کے بعد سے دونوں ملکوں کے شہریوں کی آمد و رفت میں اضافہ ہوا ہے۔ ازبکستان کے صدر کا حالیہ دورہ پاکستان اس تعلق کو مزید مستحکم کرے گا۔ دونوں ملکوں کے درمیان تجارت کا حجم بہت کم ہے۔ 2023ء میں یہ صرف 2 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تھا۔ اس کو بڑھانے کے لیے دونوں ملکوں کے تاجروں کے وفود کے تبادلے، کاروباری شخصیات کے رابطوں اور مشترکہ منصوبوں کے قیام کی ضرورت ہے۔ ازبکستان کے ساتھ ریل و روڈ کنیکٹیویٹی کے ذریعے وسطی ایشیا کی منڈیوں تک رسائی کے امکانات بھی روشن ہیں۔ ازبکستان کے ساتھ افغانستان کے حوالے سے بھی مشاورت ہوئی ہے۔ افغانستان میں گہری جڑیں رکھنے والے مسائل کے حل کے لیے ہمسایہ ملکوں کے درمیان مشاورت اور تعاون کی اہمیت ہے۔ ازبکستان کے صدر کا یہ کہنا کہ افغانستان کو تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، اس لحاظ سے اہم ہے کہ افغانستان کے ہمسایہ ملکوں کے درمیان مشاورت اور تعاون کے ذریعے ہی افغانستان کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ازبکستان کے صدر کا یہ کہنا کہ افغانستان کو تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، اس لحاظ سے اہم ہے کہ افغانستان کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ازبکستان کے صدر کا یہ کہنا کہ افغانستان کو تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، اس لحاظ سے اہم ہے کہ افغانستان کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔

متنازع فیصلہ اور سچ بولنے کی جرات

عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا اور اگر کوئی سویلین بیکرٹ ایکٹ کی خلاف ورزی کرتا ہے یعنی دفاعی تصنیات پر حملہ کرتا ہے، حساس فوجی علاقے کی فوٹو گرافی کرتا ہے، فوجی علاقے میں گھس کر کوئی نقصان کرتا ہے یا ملٹری کی کسی عمارت کو نقصان پہنچاتا ہے تو ایک خلاف ورزی فوجی عدالت میں مقدمہ چلایا جائے گا۔ زیر بحث کوئی فوجی عدالت کے اندر تو جبھی آسکتا ہے کہ کوئی ملٹری کورٹ میں ٹرائل کیا جائے گا۔ 1968ء میں ملٹری ایکٹ کے اندر ترامیم کی گئیں اور ایک بعد ازاں پھر 2015ء میں ترامیم کی گئیں۔ 2015ء میں ترامیم کے آگئیں میں آرٹیکل 8 بنیادی حقوق سے متعلق ہے جس میں کسی بھی قانونی شق کو ختم کرنے کا طریقہ کار اس میں درج ہے، اس وقت کے چیف جسٹس ثاقب نثار کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 5 رکنی بنچ نے ملٹری ایکٹ کی ترامیم کو کالعدم قرار دیا۔ 1973ء کے آئین کی تشکیل کے وقت ملٹری ایکٹ میں فیصلہ دیتے ہوئے قرار دیا گیا کہ اس سے بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ آئین سے متصادم ہے۔ اسکے بعد جنرل ظہیر عباسی کے کیس میں بھی اہلیہ نے اسی ملٹری ایکٹ کی ترامیم کو چیلنج کیا جس پر سپریم کورٹ نے ملٹری ایکٹ کی ان



روداد خیال
صفدر علی خاں
safdarkhan92@hotmail.com

ترامیم کے حق میں فیصلہ سنایا۔ ایک بعد یہ معاملہ 2007ء کو سپریم کورٹ کے 5 رکنی لارجر بنچ کے چلا گیا اور پھر 2015ء میں آگیا۔ 73 کے آئین میں آرٹیکل 8 بنیادی حقوق سے متعلق ہے جس میں کسی بھی قانونی شق کو ختم کرنے کا طریقہ کار اس میں درج ہے۔ سویلین کا ٹرائل کسی بھی فوجی عدالت میں نہیں ہونا چاہیے۔ اسکے بعد آرمی پبلک اسکول پشاور حملے کے بعد آرمی ایکٹ میں ترامیم کی گئیں جو بنیادی طور پر آئین کے آرٹیکل 8 کی خلاف ورزی تھیں۔ سویلین کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل کے خلاف کیس کی سماعت جسٹس اعجاز الاحسن کی سربراہی میں 5 رکنی لارجر بنچ نے کی، بنچ میں جسٹس منیب اختر، جسٹس منگی دیوانی، جسٹس عائشہ ملک شامل تھے۔ سویلین کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل 5 رکنی بنچ نے متفقہ طور پر کالعدم قرار دیا ہے جبکہ آرٹیکل 175 کے تحت جسٹس منیب اختر، جسٹس منگی دیوانی، جسٹس عائشہ ملک شامل تھے۔ سویلین کا فوجی عدالتوں میں ٹرائل کالعدم کرنا ایک انتہائی اہم فیصلہ ہے جس میں 5 رکنی بنچ کے رکن جسٹس منگی آئرلینڈ کے دورے پر ہونے کی وجہ سے فیصلہ محفوظ کیا گیا، مجوزہ فیصلے کو سنانے والے جاج ججوں میں سے قبل ازیں جسٹس اعجاز الاحسن اور جسٹس منیب اختر آرمی ایکٹ کی حمایت میں فیصلہ سنا چکے ہیں۔ اس فیصلے سے تو یہ تاثر ملتا ہے کہ پاکستان کے عام لوگوں کے لئے انصاف دینے کا طریقہ کار اور ہے جبکہ باوثر شاہزادوں اور اشرافیہ کیلئے مختلف ہے۔ بات یہ ہی ہے جو بقول شاعر۔

تم نے سچ بولنے کی جرأت کی
یہ بھی توہین ہے عدالت کی

پاک از بک معاہدے

آمن اور علاقائی ترقی کے حق امور پر اتفاق رائے کا اظہار کیا اور پر سفارتی اور طرز سفلوں کو مزید تیز کرنے پر اتفاق کیا۔ گزشتہ ڈیڑھ اگر سینٹ (2021ء) تجارتی معاہدے (2023ء) پر مبنی مفاہمت آمد، دونوں ممالک کے درمیان تجارت کے فروغ پر اتفاق کے اظہار کا مفہوم ایسی تجارت کی سمت کے بڑھنے کا ہے کہ دونوں ممالک کے باہمی تعاون کی کارکردگی بہتر ہو۔ دونوں ممالک کے درمیان تجارت کا حجم بہت کم ہے۔ 2023ء میں یہ صرف 2 کروڑ 30 لاکھ ڈالر تھا۔ اس کو بڑھانے کے لیے دونوں ملکوں کے تاجروں کے وفود کے تبادلے، کاروباری شخصیات کے رابطوں اور مشترکہ منصوبوں کے قیام کی ضرورت ہے۔ ازبکستان کے ساتھ ریل و روڈ کنیکٹیویٹی کے ذریعے وسطی ایشیا کی منڈیوں تک رسائی کے امکانات بھی روشن ہیں۔ ازبکستان کے ساتھ افغانستان کے حوالے سے بھی مشاورت ہوئی ہے۔ افغانستان میں گہری جڑیں رکھنے والے مسائل کے حل کے لیے ہمسایہ ملکوں کے درمیان مشاورت اور تعاون کی اہمیت ہے۔ ازبکستان کے صدر کا یہ کہنا کہ افغانستان کو تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، اس لحاظ سے اہم ہے کہ افغانستان کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔ ازبکستان کے صدر کا یہ کہنا کہ افغانستان کو تنہا نہیں چھوڑا جانا چاہیے، اس لحاظ سے اہم ہے کہ افغانستان کے مسائل کا حل تلاش کیا جا سکتا ہے۔

بریانی اک نشہ

ایسے ہی ایک بار دلیپی تقریب میں بریانی کے ساتھ ہے اور دیکھتے ہیں اپنے ادیب دوست سے فرش پر پڑی پکن کی ''باقیات'' طلب فرمائش کرتے ہوئے دریافت کیا کہ حضور یہ کیا ہے؟ فرمانے لگے ''بریانی کے ساتھ اتنی زیادتی''۔ میرے ایک حیدر آبادی (بھارت) دوست کا کہنا ہے کہ ہم حیدرآبادی جمعہ کے روز جمعہ اور بریانی کی بھی اتنی ہی تحریم کرتے ہیں جتنی کہ اس باپ کی کہ جو بیٹے کی کامیاب خطبہ جمعہ بھی پیچھے رہ جاتا ہے۔ یہ بات سنتے ہی ہم نے تکبیر بلند کر دیا۔ ہمارے ہاں تو بریانی کی خوشبو کو ہی عام طور پر خطبہ جمعہ کی طرح ہی اہمیت دی جاتی ہے۔ یہ بات سنتے ہی ہمارے ایک دوست نے قبول بھی کر لیا





آئی سی سی ون ڈے پلیئرز رینکنگ، رضوان کی دو درجے ترقی، بابر اعظم دوسرے نمبر پر براجمان

دبئی (سپورٹس ڈیسک) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل) آئی سی سی (نے ون ڈے پلیئرز کی نئی رینکنگ جاری کردی ہے۔ون ڈے بیٹرز میں بھارت کے شمن گل کی پہلی پوزیشن برقرار ہے جب کہ پاکستان کے بابر اعظم دوسرے نمبر پر موجود ہیں، روہت شرما تیسرے، جنوبی افریقا کے ہینرچ کلاسن چوتھے اور ویرات کوہلی پانچویں نمبر پر براجمان ہیں۔محمد رضوان دو درجے بہتری کے بعد 21ویں نمبر پر آگئے ہیں،فخر زمان دو درجے تنزلی کے بعد 23ویں نمبر پر چلیگئے ہیں۔ون ڈے بولرز میں سری لنکا کے مہیش تھیکشانا پہلے نمبر پر موجود ہیں۔ بھارت کے کلدیپ یادیو کی دوسری پوزیشن برقرار ہے۔افغانستان کے راشد خان ایک درجے بہتری کے بعد 5ویں نمبر پر آگئے ہیں۔ نیوزی لینڈ کے مچل سینٹنر دو درجے تنزلی کے بعد چھٹے نمبر پر چلے گئے ہیں۔



پی ایس ایل 10 کیلئے میچ آفیشلز کا اعلان

لاہور (سپورٹس ڈیسک) ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ سیزن 10 کے لیے میچ آفیشلز کے ناموں کا اعلان کر دیا گیا، ایونٹ میں 13 امپائرز اور 7 میچ ریفریز ذمہ داریاں نبھائیں گے۔ 11 اپریل سے 18 مئی تک جاری رہنے والی ایچ بی ایل پی ایس ایل میں آئی سی سی کے ایلیٹ پینل میں شامل احسن رضا، پال رائفل اور کمار دھرما سینا امپائرنگ کیفرائض انجام دیں گے،ان کے علاوہ الیکس واف اور کرس براون بھی امپائرز پینل کا حصہ ہونگے۔ پاکستان سے علیم ڈار، آصف یعقوب، فیصل خان آفریدی، راشد ریاض وقار بھی ذمہ داریاں نبھائیں گے، یہ تمام پی سی بی کے انٹرنیشنل امپائرز کا حصہ ہیں، پی سی بی ایلیٹ پینل آف امپائرز عبدالمقیت، ناصر حسین، طارق رشید اور ذوالفقار جان بھی ایچ بی ایل پی ایس ایل کے اس ایڈیشن میں امپائرنگ کریں گے۔ واضح رہے علیم ڈار آخری مرتبہ ایچ بی ایل پی ایس ایل میں امپائرنگ کے فرائض انجام دیں گے۔ آئی سی سی ایلیٹ پینل آف میچ ریفری رنجن مدوگالے اپنے ساتھی سری لنکن روشن مہانامکے ساتھ میچوں کی نگرانی کریں گے۔

HBL PSL Pakistan Super League



پی ایس ایل :10 افتتاحی تقریب کی میزبانی راولپنڈی سٹیڈیم کے سپرد

لاہور (میاں شہروز سے) پاکستان سپر لیگ)پی ایس ایل (کے 10ویں ایڈیشن کی افتتاحی تقریب کی میزبانی راولپنڈی کرکٹ اسٹیڈیم کے سپرد کردی گئی۔ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیے کے مطابق 11 اپریل) جمعہ (کو پی ایس ایل کے 10ویں ایڈیشن کی افتتاحی تقریب شام 7 بجے شروع ہوگی جس میں معروف گلوکار اپنی فارمنس کا جادو جگائیں گے۔افتتاحی میچ بھی اسی روز دفاعی چیمپئن اسلام آباد یونائیٹڈ اور لاہور قلندرز کے درمیان راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں کھیلا جائے گا جو رات 8:30 شروع ہو گا۔ٹورنامنٹ 4 مقامات پر کھیلا جائے گا جن میں کراچی کا نیشنل بینک اسٹیڈیم، لاہور کا قذافی سٹیڈیم، ملتان کرکٹ سٹیڈیم اور راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم شامل ہے۔راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں ہونے والی افتتاحی تقریب میں معروف صوفی میوزک آرٹسٹ عابدہ پروین کی پرفارمنس کے ساتھ ینگ سٹارز کی پرفارمنس بھی پیش کی جائے گی۔ اسکے علاوہ پی ایس ایل اینتھم کیلئے علی ظفر، ابرار الحق، نتاشا بیگ اور طلحہ انجم بھی اپنی آواز کا جادو جگائیں گے۔



ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر: پاکستان نے آئرلینڈ کو 38 رنز سے ہرا دیا

لاہور (سپورٹس ڈیسک) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائنگ راؤنڈ کے پہلے میچ میں پاکستان ویمن ٹیم نے آئرلینڈ ویمن ٹیم کو 38 رنز سے شکست دے دی۔ آئرلینڈ کی ٹیم 218 رنز کے تعاقب میں 179 رنز پر ڈھیر ہوگئی، آئرلینڈ کی طرف سے گیبی لوئس اور ایمی ہنٹر نے 44، 44 رنز بنائے، پاکستان کی طرف سے ڈیانا بیگ نے چار، نشرہ سندھو نے تین اور سعدیہ اقبال نے دو کھلاڑیوں کو آٹ کیا۔اس سے قبل پاکستانی ٹیم 49ویں اوور میں 217 رنز پر آوٹ ہوگئی تھی، عالیہ ریاض 52 رنز کے ساتھ نمایاں اسکوررر رہیں جبکہ سدرا امین نے 51 اور منیبہ علی نے 32 رنز بنائے۔ آئرلینڈ کی جینی میگوئر نے تین، آرلینے کیلی نے دو اور کارا مری نے دو کھلاڑیوں کو آٹ کیا۔لاہور میں کھیلے گئے دوسرے میچ میں اسکاٹ لینڈ نے ویسٹ انڈیز کو 11 رنز سے شکست دے کر پوائنٹس ٹیبل پر پہلی پوزیشن حاصل کرلی۔

شوبز انڈسٹری میں صنفی بنیاد پر خواتین کو مردوں سے زیادہ معاوضہ ملتا ہے: عثمان خالد بٹ

لاہور (میاں شہروز سے) معروف اداکار عثمان خالد بٹ نے کہا ہے کہ شوبز انڈسٹری میں صنفی بنیاد پر خواتین کو مردوں سے زیادہ معاوضہ ملتا ہے۔عثمان خالد بٹ نے حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی، پروگرام کے دوران بات کرتے ہوئے عثمان خالد بٹ نے دعوی کیا کہ شوبز انڈسٹری میں مرد اداکاروں کے مقابلے خاتون اداکاروں کو ترجیح دی جاتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ انہوں نے شوبز انڈسٹری میں کبھی نسلی بنیادوں پر امتیازی سلوک کا سامنا نہیں کیا جب کہ صنفی بنیاد پر خواتین کو مردوں سے زیادہ معاوضہ ملتا ہے، شوبز انڈسٹری میں رنگت پر تفریق پائی جاتی ہے اور خوبصورتی سے متعلق شوبز انڈسٹری کی اپنی ہی فرسودہ روایات ہیں۔شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ان سے ہر بار اور سوشل میڈیا پر بھی بہت سوالات کیے جاتے ہیں۔



شوہر کی گرفتاری کا معاملہ، ایف آئی اے نے اداکارہ نادیہ حسین کو بھی طلب کرلیا

لاہور (شوبز ڈیسک) شوہر کی گرفتاری کے معاملے میں وفاقی تحقیقاتی ادارے ایف آئی اے نے اداکارہ نادیہ حسین کو طلب کرلیا۔ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل نے پیشی کیلئے نوٹس جاری کردیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق نادیہ حسین کو کیس کے حوالے سے ضروری دستاویزات لانے کی ہدایات کی گئی ہیں، نادیہ حسین کے اکانٹ میں شوہر کی جانب سے کروڑوں روپے منتقل کیے گئے۔حکام کے مطابق اداکارہ نادیہ حسین کو 14 اپریل دوپہر ڈیڑھ بجے پیش ہونے کی ہدایت کی گئی ہے، ایف آئی اے حکام کا کہنا ہے کہ نادیہ حسین سے مختلف سوالات کرنے ہیں۔ ایف آئی اے کارپوریٹ کرائم سرکل نے پیشی کیلئے نوٹس جاری کردیا۔ایف آئی اے حکام کے مطابق نادیہ حسین کو کیس کے حوالے سے ضروری دستاویزات لانے کی ہدایات کی گئی ہیں۔



زمانہ طالب علمی میں خود سے زائد العمر شخص سے محبت ہوگئی تھی: سحر ہاشمی

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی ابھرتی ہوئی اداکارہ سحر ہاشمی نے انکشاف کیا ہے کہ جب وہ کم عمر تھیں اور سکول میں پڑھتی تھیں تب انہیں خود سے زائد العمر شخص سے محبت ہوگئی تھی لیکن معاملہ آگے نہ بڑھ سکا۔خوبرو اداکارہ سحر ہاشمی نے حال ہی میں دنیا نیوز کے مزاحیہ پروگرام مذاق رات میں بطور مہمان شرکت کی جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران انہوں نے بتایا کہ انہیں بچپن سے اداکاری کا شوق نہیں تھا لیکن بعد میں فلم اور ڈرامہ کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد انہیں اداکاری کرنے کا شوق ہوا۔ان کے مطابق انہوں نے فلم اینڈ ڈرامہ میں گریجویشن کر رکھا ہے جب کہ انہیں سکرپٹ لکھنے نہیں بلکہ ہدایت کاری کا شوق تھا تاہم وہ اداکارہ بن گئیں۔انہوں نے بتایا کہ انہیں شوبز انڈسٹری میں آئے ہوئے ابھی محض دو سال سے بھی کم عرصہ ہوا ہے لیکن خوش قسمتی سے انہیں آتے ہی بڑے منصوبوں میں کام کرنے کا موقع ملا جس وجہ سے وہ مقبول ہوگئیں۔



اردو اور پنجابی کے عظیم شاعر منیر نیازی کی سالگرہ آج منائی جارہی ہے

لاہور (شوبز ڈیسک) اردو اور پنجابی کے عظیم شاعر منیر نیازی کی سالگرہ آج منائی جارہی ہے۔9 اپریل 1928 کا جنم دن ایک ایسے شاعر کا ہے جس نے آگے چل کر اردو اور پنجابی ادب پر انمٹ نقوش چھوڑے، ان کے ہاں غزل میں حیرت اور مستی کی ملی جلی کیفیات نظر آتی ہیں تو ماضی کے گمشدہ مناظر اور رشتوں کے انحراف کا دکھ بھی نمایاں دکھائی دیتا ہے۔شاعری میں احتجاج کی بات ہو تو بھی منیر نیازی کی آواز بہت نمایاں طور پر سنائی دیتی ہے۔منیر نیازی کے اردو شاعری کے 13 مجموعے شائع ہوئے جن میں کسی ایک بارے میں تفریق کرنا مشکل ہے کہ کس مجموعے کو دوسرے پر فوقیت دی جائے، پنجابی زبان میں شاعری کے تین مجموعے انہیں پنجابی کا بھی قادر الکلام شاعر ہونے کی سند فراہم کرتے ہیں۔



ہمارا IPL سے کوئی تعلق نہیں، مکمل فوکس PSL پر ہے، کامران غلام

میں کسی کو کاپی نہیں کرتا، شروع سے اسی انداز میں کھیل رہا ہوں، بیٹر ملتان سلطانز

کراچی (سپورٹس ڈیسک) ملتان سلطانز کے بیٹر کامران غلام نے کہا ہے کہ آئی پی ایل سے کوئی تعلق نہیں، ہمارا مکمل فوکس پی ایس ایل پر ہے۔میڈیا سے گفتگو میں کامران غلام نے کہا کہ پاکستان سپر لیگ کے لیے مکمل طور پر تیار اور پرجوش ہیں، ٹیم کا مورال بلند ہے اور کھلاڑیوں کی نظریں فائنل تک رسائی پر ہیں۔انہوں نے کہا کہ یہی سوچ ہے کہ ٹاپ اسکورر بن کر ٹیم کی جیت میں اہم کردار ادا کریں۔کامران غلام نے کہا کہ جو کھلاڑی ڈومیسٹک کرکٹ میں اچھی پرفارمنس دیتا ہے، اسے انٹرنیشنل لیول پر کھیلنے میں زیادہ مشکلات پیش نہیں آتیں۔ان کا کہنا تھا کہ پی ایس ایل ایک بڑا ایونٹ ہے، جس کا کراؤڈ بھی خاص ہوتا ہے اور شائقین بے تابی سے اس کے منتظر ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بحیثیت بیٹر ہمیشہ کوشش رہتی ہے کہ پی ایس ایل میں بہتر کھیل پیش کیا جائے اور ٹیم کو فائنل تک پہنچایا جائے، ہر ٹیم کا الگ ماحول ہوتا ہے اور ہر فرنچائز کا اپنا انداز ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں کسی کو کاپی نہیں کرتا، شروع سے اسی انداز میں کھیل رہا ہوں۔



بابر اعظم جب تک میچ نہیں جتوائیں گے کچھ بھی نہیں ہیں، توصیف احمد

کسی نئے لڑکے میں بھی یہ خواہش نظر نہیں آئی کہ میں ٹیم میں آگیا ہوں کچھ کردوں، انٹرویو

کراچی (این این آئی) سابق کرکٹر توصیف احمد نے کہا ہے کہ بابر اعظم کو کب تک اہم پلیئر کہتے رہیں گے، جب تک آپ میچ نہیں جتوائیں گے آپ کچھ بھی نہیں ہیں، دورہ نیوزی لینڈ میں پاکستان ٹیم کی کوئی پلاننگ نہیں تھی۔توصیف احمد نے کہا کہ اس وقت ہمارے معاملات اتنے درست نہیں، پلیئرز کے دو، تین گروپ بنے ہوئے ہیں اور آخر میں آکر آپ کہتے ہیں کہ مجھے جو ٹیم دے دی جاتی اسے کھلانا تھا تو یہ کیا ہے کریں گے کہ ہمارا اہم پلیئر ہے، کوئی بھی ہو آپ جب تک میچ نہیں جتوائیں گے آپ کچھ بھی نہیں ہیں، دورہ نیوزی لینڈ میں پاکستان ٹیم کی کوئی پلاننگ نہیں تھی۔توصیف احمد نے کہا کہ اس وقت ہمارے معاملات اتنے درست نہیں، پلیئرز کے دو، تین گروپ بنے ہوئے ہیں اور آخر میں آکر آپ کہتے ہیں کہ مجھے جو ٹیم دے دی جاتی اسے کھلانا تھا تو یہ کیا ہے کرتے ہوئے پاکستان کے سابق آف اسپنر توصیف احمد کا کہنا تھا کہ بابر اعظم کے بارے میں کتنا رونا گانا

سنیتا آہوجا نے طلاق کی خبروں پر خاموشی توڑ دی

کسی بھی بات پر اس وقت تک یقین نہ کریں جب تک میں یا گووندا خود کچھ نہ کہیں، مداحوں کو مشورہ

ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کے معروف اداکار گووندا کی اہلیہ سنیتا آہوجا نے طلاق کے حوالے سے زیر گردش خبروں پر خاموشی توڑ دی۔گووندا تقریبا 4 دہائیوں سے سنیتا آہوجا کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہیں، مگر گزشتہ چند ماہ سے ان کی طلاق سے متعلق خبریں زیر گردش ہیں۔اب ان گردش کرنے والی خبروں پر سنیتا آہوجا نے ردعمل ظاہر کیا ہے۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سنیتا آہوجا نے مداحوں کو مشورہ دیا ہے کہ کسی بھی بات پر اس وقت تک یقین نہ کریں جب تک میں یا گووندا خود کچھ نہ کہیں کیونکہ لوگ کچھ بھی بولتے ہیں۔ خیال رہے کہ رواں سال فروری سے خبریں سامنے آرہی ہیں تھیں کہ گووندا اور سنیتا آہوجا نے شادی کے 38 سال بعد طلاق کے لیے درخواست دائر کی ہے۔گووندا کے وکیل للت بندل نے اس بات کی تصدیق کی تھی کہ سنیتا آہوجا نے طلاق کے لیے درخواست دائر کی تھی۔ بعدازاں انہوں نے کہا تھا کہ گووندا اور سنیتا اب دوبارہ ایک ساتھ ہیں۔



شوبز کے بہت سارے مرد اپنی بیویوں پر تشدد کرتے ہیں، رابعہ انعم

شوبز مردوں کی بیویاں چپ چاپ برداشت کررہی ہیں، انہوں نے کبھی شکوہ یا شکایت نہیں کی

کراچی (این این آئی) سابق نیوز اینکر اور ٹی وی میزبان رابعہ انعم نے دعوی کیا ہے کہ شوبز انڈسٹری کے بہت سارے مرد اپنی بیویوں پر تشدد کرتے ہیں اور ان کی بیویاں چپ چاپ برداشت کرتی ہیں۔رابعہ انعم نے حال ہی میں جیو پوڈکاسٹ میں شرکت کی، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔انہوں نے پوڈکاسٹ کے دوران یہ بھی بتایا تھا کہ وہ ماضی میں ندا یاسر کے مارننگ شو سے کیوں اٹھ کر چلی گئی تھیں اور یہ کہ ان کی ندا یاسر سے کبھی کوئی دشمنی رہی ہی نہیں اور اب ان کے درمیان صلح ہوچکی ہے۔اسی شو میں رابعہ انعم نے بتایا تھا کہ وہ خواتین پر تشدد اور گھریلو تشدد کے خلاف آواز اٹھانے میں متحرک رہی ہیں، انہوں نے ایک فیصلہ کیا اور مہم چلائی، اس لیے اب وہ کسی بھی صورت میں گھریلو تشدد کرنے والوں کے ساتھ کھڑی نہیں ہوسکتیں۔



بی سی سی آئی کا سری لنکا میں سہ ملکی سیریز کیلئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان

نئی دہلی (این این آئی) بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) کی سلیکشن کمیٹی نے رواں ماہ سری لنکا میں شیڈول تین ملکی سیریز کے لئے 15 رکنی سکواڈ کا اعلان کردیا ہے۔ سلیکٹرز کے مطابق ہرمن پریت کور ٹیم کی قیادت کریں گی جبکہ اسمرتی مندھانا نائب کپتان ہوں گی۔ سہ ملکی سیریز میں میزبان سری لنکا، بھارت اور جنوبی افریقا کی خواتین ٹیمیں پنجہ آزما ہوں گی۔ سہ ملکی سیریز 27 اپریل سے 11 مئی تک سری لنکا میں کھیلی جائے گی جس کے فائنل سمیت تمام میچز آر پریماداسا سٹیڈیم، کولمبو میں کھیلے جائیں گے اور تمام میچز ڈے ہوں گے۔ بھارتی خواتین ٹیم اپنی مہم کا آغاز 27 اپریل کو میزبان سری لنکن ویمنز ٹیم کے خلاف میچ سے کرے گی

کراچی کنگز کی ٹیم متوازن، بوپارا کامیابی کیلئے پُرامید

مجموعی طور پر اسکواڈ بہت متوازن ہے امید ہے کھلاڑی پہلے ہی میچ سے اچھا پرفارم کریں گے، گفتگو

کراچی (این این آئی) کراچی کنگز کے ہیڈ کوچ روی بوپارا ٹیم کی کامیابی کیلئے پُرامید ہیں۔ ایچ بی ایل پی ایس ایل 10 کیلئے کراچی کنگز کی تیاریاں شروع ہوگئی ہیں کراچی کنگز کے کھلاڑیوں نے حنیف محمد ہائی پرفارمنس سینٹر پر باقاعدہ ٹریننگ کا آغاز کیا ہے۔ کراچی کنگز کے ہیڈ کوچ روی بوپارا نے اسکواڈ جوائن کرلیا، جبکہ ٹیم کے نئے بولنگ کوچ شان ٹیٹ بھی کراچی پہنچ گئے ہیں۔ ہیڈ کوچ نے ٹیم کو متوازن قرار دیتے ہوئے اچھی پرفارمنس کی امید ظاہر کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجھے سلمان اقبال اور ٹیم مینجمنٹ نے سپورٹ کیا ہے



ویڈیو ٹریوس ہیڈ کا بھارتی مداحوں کے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار، ویڈیو وائرل

سڈنی (این این آئی) آسٹریلوی اوپنر بیٹر ٹریوس ہیڈ نے بھارتی مداحوں کے ساتھ سیلفی بنوانے سے انکار کردیا۔ آسٹریلوی اوپنر ٹریوس ہیڈ انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں سن رائزرز حیدرآباد کی نمائندگی کررہے ہیں تاہم ان کی ویڈیو منظر عام پر آئی ہے جو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ویڈیو میں ٹریوس ہیڈ کو اسٹور سے خریداری کرتے دیکھا جاسکتا ہے۔ اس دوران سن رائزرز حیدرآباد کے مداح ٹریوس ہیڈ کے ساتھ تصویریں بنوانے پر اصرار کرتے ہیں لیکن وہ انکار کردیتے ہیں۔ ویڈیو ریکارڈ کرنے والے شخص نے کہا کہ حیدرآباد کے لوگ آپ سے پیار کرتے ہیں، کم از کم آپ کو ان کا جواب دینا چاہیے لیکن ٹریوس ہیڈ کچھ کہے بغیر وہاں سے چلے گئے۔

کبری خان اور گوہر رشید کے دبئی ٹرپ کی خوبصورت جھلکیاں



دبئی (این این آئی) کبری خان اور گوہر رشید نے دبئی ٹرپ کی خوبصورت جھلکیاں شیئر کردیں، نئے جوڑے نے خوشیوں کے حسین لمحوں کو بھرپور انجوائے کیا ہے۔ پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف اور پسندیدہ ستارے کبری خان اور گوہر رشید حال ہی میں رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے ہیں۔ اس جوڑی نے اپنی شادی کا آغاز مکہ مکرمہ میں ایک روحانی اور سادہ نکاح کی تقریب سے کیا، جس کے بعد پاکستان میں ان کی شادی کی تقریبات نے مداحوں اور میڈیا کی خوب توجہ حاصل کی۔

شادی پر باتیں کرنے سے میری شادی نہیں ہورہی، لائبہ خان

اگر محبت کرنے والا عزت نہ کرتا ہو تو ایسی محبت کا کوئی فائدہ نہیں، اداکارہ

لاہور (شوبز رپورٹر) مقبول اداکارہ لائبہ خان شکوہ کیا ہے کہ شوبز سمیت میڈیا اور سوشل میڈیا کے لابی سسٹم نے انہیں نظر انداز کیا، مرکزی کردار ادا کرنے کے باوجود ان کی پذیرائی نہیں کی گئی۔ لائبہ خان نے اپنے ایک انٹرویو میں مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ پروگرام کے دوران ایک موقع پر لائبہ خان نے مزاحیہ انداز میں کہا کہ اب وہ شادی کی بات ہی نہیں کریں گی، کیوں کہ ان کی جانب سے شادی پر بات کیے جانے کی وجہ سے ہی ان کی شادی نہیں ہو رہی۔ ایک سوال کے جواب میں اداکارہ کا کہنا تھا کہ محبت میں سب سے اہم چیز عزت ہوتی ہے



خاندان کی میراث کے دباؤ سے بچنے کیلئے خاندان کا نام نہیں لگاتی، کاجول



ممبئی (نیٹ نیوز) بالی ووڈ کی سپر اسٹار اداکارہ کاجول نے انکشاف کیا ہے کہ وہ اپنے نام کے ساتھ خاندان کا نام لگانا کیوں پسند نہیں کرتیں۔ کاجول نے بتایا کہ وہ ایک ایسے خاندان سے ہیں جس کا بالی ووڈ سے کئی برسوں سے تعلق رہا ہے اس لئے انہوں نے اپنے خاندان کی میراث کے دباؤ سے بچنے کے لیے ایسا کیا۔ اداکارہ نے بتایا کہ جب وہ انڈسٹری میں داخل ہو رہی تھیں، ان کی والدہ نے بھی اس بات کی نشاندہی کی کہ ان کی بالی ووڈ میں والدہ سمیت دادی اور دادا کی طرف سے بھی لیگیسی ہے

سلمان بٹ کو کمنٹری پینل کا حصہ کیوں بنایا؟ فرنچائزز ناخوش

کمنٹری پینل میں کسی غیر اخلاقی، فکسر یا جیل جانیوالے کو شامل نہ کیا جائے، حکام کو خط



لاہور (شوبز رپورٹر) اسپاٹ فکسنگ میں سزا یافتہ سابق کپتان سلمان بٹ کو پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے کمنٹری پینل میں شامل کیے جانے پر فرنچائزز نے ناراضگی کا اظہار کردیا۔ تفصیلات کے مطابق 2010 میں لارڈز ٹیسٹ کے دوران اسپاٹ فکسنگ پر پاکستانی کپتان سلمان بٹ اور پیسرز محمد آصف و محمد عامر کو لندن میں جیل کی ہوا بھی کھانا پڑی تھی، پابندی ختم ہونے کے بعد صرف عامر ہی دوبارہ قومی ٹیم تک پہنچ سکے۔ آصف طویل عرصے سے امریکا میں مقیم جبکہ سلمان لاہور میں غنی گلاس انسٹی ٹیوٹ آف کرکٹ کے سربراہ ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ پی ایس ایل فرنچائزز کو جب علم ہوا کہ سلمان بٹ کو کمنٹری پینل میں شامل کیا جارہا ہے تو انھوں نے حکام کو ایک مشترکہ خط ارسال کیا

احسان اللہ نے پی ایس ایل کی پشاور زلمی کی کٹ پہن لی؟ تصویر وائرل

وائرل تصویر میں احسان اللہ کو پشاور زلمی کی جرسی زیب تن کیے دیکھا جاسکتا ہے، قیاس آرائیاں شروع



پشاور (این این آئی) پاکستان کے نوجوان فاسٹ بولر احسان اللہ کی پشاور زلمی کی کٹ پہنے تصویر سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ فاسٹ بولر احسان اللہ کی وائرل تصویر نے ان کی پشاور زلمی میں منتقل ہونے کے بارے میں قیاس آرائیوں کو جنم دیا جس میں زلمی کی جرسی پہنے ہوئے ہیں۔ احسان نے پی ایس ایل 2023 میں ملتان سلطانز کی جانب سے کھیلتے ہوئے 22 وکٹیں حاصل کی تھیں جس کے بعد مارچ 2023 میں پاکستان کے لیے ٹی 20 انٹرنیشنل میں ڈیبیو کیا۔ انہیں اپریل 2023 میں نیوزی لینڈ کے خلاف ون ڈے ڈیبیو کے دوران کہنی کی انجری ہوئی

آئی سی سی نے پلیئر آف دی منتھ کی نامزدگیوں کا اعلان کردیا

لندن (این این آئی) انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) نے مارچ 2025 کے میلز پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کی نامزدگیوں کا اعلان کردیا۔ آئی سی سی کی جانب سے پلیئر آف دی منتھ ایوارڈ کی نامزدگیوں میں ایک بھارتی اور 2 نیوزی لینڈ کے کرکٹرز شامل ہیں۔ پلیئر آف دی منتھ کی نامزدگیوں کے لیے بھارت کے شریاس ائیر، نیوزی لینڈ کے راچن روبندرا اور فاسٹ بولر جیکب ڈفی شامل ہیں۔ راچن روبندرا نے آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شاندار آل راؤنڈ کارکردگی دکھائی تھی

پلیئر آف دی میچ کو ملا ''انڈوں کا تحفہ''، کھلاڑی بھی ہکا بکا!

ڈچ گول کیپر کی انڈے کے کریٹ کے انعام کیساتھ تصویر سوشل میڈیا پر پوسٹ

اوسلو (این این آئی) کھیل میں سب سے بہترین کارکردگی دکھانے والے کھلاڑی کو پلیئر آف دی میچ قرار دے کر نقد انعام دیا جاتا ہے مگر ایک کھلاڑی کو انڈوں کا تحفہ دیا گیا۔ یہ منفرد اور دلچسپ واقعہ ناروے میں پیش آیا۔ جہاں فٹبال میچ کے دوران گول کیپر جان ڈی بوئر کو بوڈو گلمٹ کے خلاف میچ میں بہترین کارکردگی دکھانے پر پلیئر آف دی میچ کے اعزاز سے نوازا گیا۔ تاہم جب جان ڈی بوئر پوڈیم پر پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ وصول کرنے گئے تو ان کے ہاتھ میں چیک یا شیلڈ کے بجائے انڈوں کے چار کریٹ تھما دیے گئے۔ گول کیپر کے ساتھ مداح بھی یہ تحفہ پا کر حیران رہ گئے۔ کلب نے غیر معمولی ڈچ گول کیپر کی انڈے کے کریٹ کے انعام کیساتھ تصویر سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا، جس پر مداحوں نے حیرانگی کا اظہار کرنے کے ساتھ دلچسپ تبصرے بھی کیے۔ واضح رہے کہ فٹبال میں پلیئر آف دی میچ کو پہلی بار انڈے تحفے میں نہیں دیے گئے

امید ہے جلد اچھے دن شروع ہوں گے، ماورا حسین

دونوں ممالک کے فنکار 2016 سے ایک دوسرے کیساتھ کام کرنے کیلئے بے تاب ہیں

لاہور (این این آئی) اداکارہ ماورا حسین نے امید ظاہر کی ہیکہ جلد ہی پاکستان اور بھارت کے فنکاروں کے اچھے دن شروع ہوں گے اور دونوں ممالک کے فنکار ایک ساتھ کام کرسکیں گے۔ ساتھ ہی اداکارہ نے فواد خان کی آنے والی بولی وڈ فلم عبیر گلال کے لیے بھی نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ فلم شائقین کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے گی۔ ماورا حسین نے حال ہی میں انٹرویو دیا، جس میں انہوں نے اپنی 2016 کی بولی وڈ فلم صنم تیری قسم کی بھارت میں دوبارہ ریلیز پر بھی بات کی اور اس بات پر خوشی کا اظہار کیا کہ 9 سال بعد ان کی فلم نے ریکارڈ کمائی کی۔ ماورا حسین نے بات کرتے ہوئے اس عزم کا اعادہ بھی کیا کہ موقع ملنے پر وہ دوبارہ بھی بھارتی فلموں میں کام کریں گی۔

حور جیسے خوبصورت لڑکے سے شادی کروں گی، طوبی انور

طوبی انور نے کم عمری میں عامر لیاقت سے 2018 کے وسط میں خفیہ شادی کی تھی



لاہور (نیٹ نیوز) ماڈل و اداکارہ طوبی انور کا کہنا ہے کہ وہ کسی حور جیسے خوبصورت لڑکے سے دوسری شادی کریں گی۔ طوبی انور نے نجی ٹی وی کے پروگرام میں شادی سے متعلق سوال اپنے ہونے والے شریک حیات سے متعلق کھل کر بات کی۔ انہوں نے کہا کہ عام طور پر لڑکیاں شادی کے لیے لڑکے کی شکل وصورت کو نہیں دیکھتیں، وہ صرف شخصیت پر توجہ دیتی ہیں جب کہ لڑکے خوبصورتی کو ترجیح دیتے ہیں۔ ان کے مطابق انہیں معلوم نہیں کہ لڑکے خوبصورتی اور لڑکیاں شخصیت کو کیوں ترجیح دیتی ہیں، تاہم وہ کسی ایسے شخص کو شریک حیات بنائیں گی، جن سے ان کا ذہن ملتا ہے اور ان سے ان کے دوستانہ تعلقات استوار ہو سکیں۔ طوبی انور نے کہا کہ وہ پڑھے لکھے شخص کو شادی کے لیے ترجیح دیں گی، ان کے لیے امیر یا بہت زیادہ کمانے والا مرد اہمیت نہیں رکھتا،

مہر النسا اقبال کی مایوں کی تصاویر اور ویڈیو وائرل

مایوں کی تقریب میں صرف قریبی عزیز و اقارب اور دوستوں نے شرکت کی

لاہور (این این آئی) اداکارہ مہر النسا اقبال کی مایوں کی دلکش تصاویر اور ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئیں۔ انڈسٹری کی خوبصورت اور باصلاحیت اداکارہ مہر النسا اقبال جنہوں نے ڈرامہ سیریل عشقیہ، ایک ستم اور، میرے بن جا اور بکھرے ہیں ہم جیسے کامیاب پراجیکٹس میں اپنی جاندار اداکاری سے ناظرین کے دل جیتے، اب اپنی ذاتی زندگی کے ایک نئے اور خوبصورت سفر کی جانب بڑھ رہی ہیں۔ مہر النسا اقبال نے اپنی مایوں کی تقریب کی دلکش جھلکیاں سوشل میڈیا پر مداحوں کے ساتھ شیئر کیں۔

ہانیہ، مقابلہ کرینہ کپور خان، کس کے لک نے قیامت ڈھائی، سوشل میڈیا پر بحث



کراچی / ممبئی (این این آئی) ہانیہ عامر بمقابلہ کرینہ کپور خان، ایک ہی لباس میں کس کے لک نے قیامت ڈھائی؟ سوشل میڈیا پر بحث چھڑ گئی۔ فیشن کی دنیا میں جب دو بڑی اسٹائل آئیکونز ایک جیسے لباس یا لک میں نظر آئیں تو موازنہ ہونا لازمی ہو جاتا ہے، حالیہ دنوں میں پاکستانی اداکارہ ہانیہ عامر اور بالی ووڈ کی اسٹائل کوئین کرینہ کپور خان کے ایک جیسے مرر دوپٹہ لک نے سوشل میڈیا پر خاصی دھوم مچائی ہے۔

راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پی ایس ایل کے پریکٹس سیشنز اور میچوں کی سکیورٹی کیلئے انتظامات

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی کرکٹ سٹیڈیم میں پی ایس ایل کے پریکٹس سیشنز اور میچوں کی سکیورٹی کے لیے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ ترجمان پولیس کے مطابق سی پی او اور ایس ایس پی آپریشنز س

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

محفوظ ٹریفک کے طریقہ پر عمل کر کے ہی ایکسیڈنٹ سے بچا جاسکتا ہے: ڈی ایس پی ٹریفک زبیر احمد

ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے باعث پاکستان میں ہر سال ہزاروں افراد ٹریفک حادثات میں اپنی جان گنوا بیٹھتے ہیں



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) زیرو ایکسیڈنٹ کا ہدف اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتا جب تک محفوظ ڈرائیونگ اور روڈ سیفٹی کا شعور معاشرے میں اجاگر نہ ہوجائے ڈی ایس پی ٹریفک زبیر احمد ہر روڈ یوزر اس پر عمل کرنا اپنی ذمہ داری نہ سمجھ لے اس مقصد کے حصول کے لئے ہم عوام کو اپنے رویوں میں تبدیلی لانی ہوگی اور ٹریفک قوانین پر مکمل پابندی کرنا ہوگی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے باعث پاکستان میں ہر سال ہزاروں افراد ٹریفک حادثات میں اپنی جان گنوا بیٹھتے ہیں جبکہ زخمی اور معذور ہونے والوں کی تعداد بھی خطرناک حد تک زیادہ ہے ٹریفک حادثات کے پیچھے عموماً انسانی غلطی کارفرما ہوتی ہے جس پر تھوڑی سی احتیاط سے قابو پایا جاسکتا ہے۔ سب سے زیادہ حادثات ٹریفک سگنل اور ون وے کی خلاف ورزی پر پیش آتے ہیں۔ ہم تھوڑے سے سفر سے پہلے خود کی جان کے ساتھ ساتھ کسی دوسرے افراد کی جان کو داؤ پر لگا دیتے ہیں ہم سب کو ملکر روڈ سیفٹی کی ذمہ داری پوری کرنا چاہیے تاکہ قیمتی جانیں بچانے کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کی سڑکوں پر نظم وضبط قائم رہے۔ ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کسی بھی ملک کی تہذیب اور تمدن کی عکاسی ہوتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار ڈی ایس پی ٹریفک زبیر احمد اور اپسکٹر سکندر بھٹی نے ون وے کی خلاف ورزی، کالے شیشوں کا استعمال کرنے والے بااثر افراد، اوورلوڈنگ و دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ کالے شیشے اور ون وے کی خلاف ورزی، اوورلوڈنگ و دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی بھاری جرمانوں سمیت مقدمات بھی درج کئے جائیں گے۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر ایک ہزار سے زائد ڈرائیورں کے خلاف کاروائی کی گئی ہے اور ڈی پی او حافظ آباد عاطف نذیر کی ہدایات پر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر مزید کاروائیاں روزانہ کی بنیاد پر کی جارہی ہیں۔ ان اقدامات سے عوام میں قانون کا احترام پیدا ہوا ہے اور حادثات میں نمایاں کمی واقعہ ہوئی ہے

ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے تقریب میں خصوصی شرکت کی

سٹوڈنٹس میں انٹرن شپ سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب کا انعقاد

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیر اعلی پنجاب کے انٹرن شپ پروگرام کے تحت ضلع ننکانہ صاحب میں سٹوڈنٹس میں انٹرن شپ سرٹیفکیٹ تقسیم کرنے کی تقریب ضلع کونسل ہال میں منعقد ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے تقریب میں خصوصی شرکت کی۔ ڈپٹی ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ رانا عنصر جمیل سمیت دیگر ضلعی افسران بھی تقریب میں موجود تھے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے انٹرن شپ کورس مکمل کرنے والے 75 گریجوایٹس میں انٹرن شپ لیٹر تقسیم کیے۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب کے 75 سٹوڈنٹس کو انٹرن شپ کورس کروایا گیا۔ جس میں 24 فی میل اور 51 میل نے ضلعی لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ سے انٹرن شپ کورس مکمل کیا۔ وزیر اعلی پنجاب کے انٹرن شپ پروگرام کا دورانیہ 03 ماہ تھا، فی کس انٹرنی کو 50 ہزار ماہانہ کے حساب سے تنخواہ دی گئی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راو نے کہا کہ انٹرنیز نے سوشیو اکنامک رجسٹری کے تحت یونین کونسل کی سطح پر رجسٹریشن پر اس کو مکمل کیا اور رمضان نگہبان پیکج کے تحت پے آرڈرز کی ترسیل میں بھی حصہ لیا۔ ڈی سی محمد تسلیم اختر راو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ نوجوانوں کے بغیر کم عرصے میں



رجسٹریشن مکمل کرنا مشکل تھا، پڑھے لکھے نوجوان انٹرنیز نے دن رات محنت کر کے سوشیو اکنامک رجسٹری کے تحت رجسٹریشن کے عمل کو مکمل کیا۔ انہوں نے تحت افراد کی بلاتفریق رجسٹریشن اور پے آرڈرز کی ترسیل کا عمل بروقت مکمل کرنے پر تمام افراد کو خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپ نے ملک کی بھاگ دوڑ سنبھالنی ہے، محنت کر کے اپنے ملک اور والدین کا نام روشن کریں۔ آپ لوگ اپنے والدین اور ملک کا قیمتی سرمایہ ہیں۔

گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ کے چار اساتذہ مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے

سکول اساتذہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) گورنمنٹ ہائی سکول نارنگ کے چار اساتذہ مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائرڈ ہو گئے گزشتہ روز سکول اساتذہ کی جانب سے ان کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا ریٹائرڈ ہونے والے اساتذہ میں محمد شفقت چٹھہ رفاقت علی محمد اسحاق اور محمد صدیق شامل ہیں سکول پہنچنے پر چاروں اساتذہ کا شاندار استقبال کیا گیا سکاؤٹس کی جانب سے سلامی دی گئی ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالے گئے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے پرنسپل سکول نثار احمد گل کا کہنا تھا کہ ایک استاد کبھی ریٹائرڈ نہیں ہوتا علم



ایک ایسی پیاس جو کبھی نہیں بجھ سکتی اس لیے ہر معاشرے کو استاد کی ہمیشہ ضرورت رہتی ہے ریٹائرڈ ہونے والے چاروں اساتذہ کرام کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے زندگی کا اہم حصہ نئی نسل کو پروان چڑھانے میں گزارا کسی بھی معاشرے میں استاد کی اہمیت سے انکار ممکن نہیں ہے ہر قابلیت کے پیچھے ایک استاد ہوتا ہے۔

دو روز محفل مبارک حضرت میاں نیک محمد نوشاہی، قادری رحمتہ اللہ علیہ

شرقپور شریف (نامہ نگار) سلسلہ عالیہ نوشاہیہ کے عظیم دینی اور روحانی رہنما شفاء الملت حضرت میاں نیک محمد صاحب قادری نوشاہی نور اللہ مرقدہ کی 2 روزہ سالانہ علمی وادبی اور تبلیغی و اصلاحی محفل مبارک 12.13 اپریل بروز ہفتہ اتوار آپ کے ایوان فقر، نوشاہی کالونی شرقپور شریف میں منعقد ہو رہی ہے، جس میں ملک بھر سے زائرین و معتقدین کی کثیر تعداد کے علاوہ ممتاز علماء کرام مشائخ عظام اور دانش ور حضرات شمولیت فرمائیں گے۔ جس میں مفتی خان محمد قادری کا خصوصی خطاب ہوگا۔ پروفیسر فیض رسول فیضان گوجرانوالہ اور فیض الحسن نوشاہی رُمل شریف بارگاہ رسالت مآب صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں نذرانہ عقیدت پیش کریں گے۔ اختتامی اجتماعی دعا 13 اپریل نماز ظہر کے وقت ہوگی۔

نومنتخب ڈپٹی کمشنر نے عہدے کا چارج سنبھال لیا



چکوال (ایم ایوب سلطانی) نو تعینات ہونے والی ڈپٹی کمشنر چکوال میڈم سارہ حیات نے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔

ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا سول لائن وائے کراس کا دورہ ستھرا پنجاب کے حوالے سے جاری کام کا معائنہ

جہلم (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر جہلم میثم عباس کا سول لائن وائے کراس کا دورہ ستھرا پنجاب کے حوالے سے جاری کام کا معائنہ۔ عملہ سے گفتگو۔ تفصیلات کے مطابق ڈپٹی کمشنر جہلم نے ستھرا پنجاب پروگرام پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کے لیے سول لائن وائے کراس پیرا غیب چوک پر مصروف عمل سینٹری سٹاف سے ملاقات کی۔ ڈی سی جہلم میثم عباس نے ہدایت کی کہ ستھرا پنجاب مہم کے تحت ہر گلی محلے اور کچرے کے ڈپو صاف کرنا ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کی ذمہ داری ہے گلی محلوں نالوں سیوریج سسٹم کی صفائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صفائی انتظامیہ ستھرا پنجاب مہم پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے اس سلسلے میں کسی قسم کی سستی یا لاپرواہی کی گنجائش نہیں ہے۔

جہلم میں پنجاب سیف سٹی کیمرا ز کا آغاز کر دیا گیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم میں پنجاب سیف سٹی کیمرا ز کا آغاز کر دیا گیا پنجاب سیف سٹی اتھارٹی کے تحت جہلم میں جدید ترین ٹیکنالوجی کے حامل (کلوزڈ سرکٹ ٹیلی ویژن) کیمروں کی مدد سے نگرانی اور مواصلات کا ایک جامع نظام ترتیب دیا گیا ہے، جسکی مانیٹرنگ کے لئے کنٹرول روم قائم کیا گیا ہے، تاکہ جہلم کے شہریوں کی جان ومال کو مزید محفوظ سے محفوظ تر بنایا جاسکے۔



صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد نے چوہدری فرحان شوکت ہنجرا کی درخواست پر نارنگ کے نواحی گاؤں لونگ والا منڈیالی روڈ کی تعمیر میں تعطل کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کر دیا

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد نے چوہدری فرحان شوکت ہنجرا کی درخواست پر نارنگ کے نواحی گاؤں لونگ والا منڈیالی روڈ کی تعمیر میں تعطل کے خلاف درخواست پر فیصلہ جاری کر دیا محتسب پنجاب عائشہ حامد نے چوہدری فرحان شوکت ہنجرا کی درخواست پر نارنگ کے نواحی گاؤں لونگ والا منڈیالی روڈ کی تعمیر میں تعطل کے خلاف درخواست میں موقف اختیار کیا گیا کہ نارنگ کے نواحی دیہات کو جانے والی روڈ لونگ والا منڈیالی ترقیاتی سکیم کو عرصہ دو سال میں کنٹریکٹر نے مکمل نہیں کیا جس سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس پر موثر کارروائی کرتے ہوئے محتسب پنجاب نے ڈپٹی کمشنر، ایڈمنسٹریٹر اور ضلع کونسل شیخوپورہ سمیت دیگر سرکاری حکام سے جواب طلب کرتے ہوئے فیصلہ جاری کیا ضلع کونسل شیخوپورہ کی جانب سے کنٹریکٹر کو جاری کیے گئے نوٹس میں کنٹریکٹر کو 20 یوم کے اندر کام مکمل کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے جبکہ محتسب پنجاب نے ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ کو ہدایت جاری کی ہے کہ سڑک کے ترقیاتی کام کو کسی بھی تعطل کے بغیر مکمل کروا کر تحریری طور پر 45 دن میں رپورٹ تیار کر کے محتسب پنجاب کے دفتر میں جمع کرائی جائے جس پر اہل علاقہ نے صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد اور کیپٹن (ر) جاوید اکبر بھٹی کا شکریہ اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔

معصوم فلسطینی شہریوں و بچوں کی شہادتوں پر گہرے کرب میں ہیں: محمد خالد وسیم

دنیا غزا میں جنگ بندی کیلئے فریقین کو مجبور کرے۔ ثبوت سیالکوٹ



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اسرائیلی بمبارمنٹ و بربریت کے نتیجے میں غزا میں ہوئیں ابتک کم وبیش 60 ہزار معصوم فلسطینی بچوں خواتین مردوں بوڑھوں کی بیہیمانہ شہادتوں پر دل گرفتہ وسخت کرب میں مبتلا ہیں۔ اسرائیلی صدر نے اقوام متحدہ، او آئی سی سمیت مسلم امہ و دیگر ممالک کی اپیل کے باوجود غزا کی تباہی نہیں روکی اور غزا کو آگ و بارود کے ڈھیر میں تبدیل کر کے ہلاکتوں کی انگنت تاریخ رقم کر دی ہے۔ ان باتوں کا اظہار فرزند سیالکوٹ عظیم رہنما محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے غزا آخری سانسیں لے رہا ہے کے حوالہ سے فکری نشست کے دوران خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ اسرائیل نے غزا میں زخمیوں کو علاج معالجہ وطبی امداد و دواؤں اور پینے کے پانی و خوراک وضروریات زندگی کی فراہمی کو بند کر رکھا ہے اقوام متحدہ کے پناہ گزین کیمپوں اور مریضوں پر بھی میزائل حملے جاری ہیں دنیا اسرائیل وحماس کو جنگ بندی کیلئے مجبور کرنے کیلئے عملی کردار کرے۔

اسرائیل سب سے بڑا دہشتگرد اور غاصب ہے: چوہدری جاوید اقبال گورائیہ

انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور اقوام متحدہ بھی ظلم میں برابر کے شریک ہیں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) اسرائیل سب سے بڑا دہشتگرد اور غاصب ہے انسانی حقوق کی عالمی تنظیمیں اور اقوام متحدہ بھی فلسطینیوں پر بدترین مظالم کیے گئے خاموش رہنے والا ایک ایک فرد ظلم میں برابر کے شریک ہیں پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر چوہدری جاوید اقبال گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ جس حد تک ہوسکے آواز اٹھانی چاہیے تمام پاکستانی انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں سے اسرائیل کا معاشی بائیکاٹ کریں ہر اسرائیلی چیز کا سختی سے بائیکاٹ کرتے ہوئے آواز اٹھائیں قومی اشیاء کی خرید کو یقینی بنائیں تاکہ یہود و نصاری مل کر مسلمانوں کو نقصان پہنچا رہے ہیں اب وقت آگیا ہے کہ اسرائیل اور اس کے حامیوں کو ان کی زبان میں جواب دیا جائے۔

قبلہ اول کا تحفظ ہم سب کی زمہ داری ہے: چوہدری عامر فاروق باجوہ

حکمران اپنی آنکھیں کھولیں اور فلسطین کی کھل کر حمایت کریں



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) قبلہ اول کا تحفظ ہم سب کی زمہ داری ہے حکمران اپنی آنکھیں کھولیں اور فلسطین کی کھل کر حمایت کریں پی ٹی آئی کی حکومت میں شہباز شریف ڈرامے کرتے تھے اب ان کی اپنی حکومت ہے بتائیں فلسطین کیلئے کیا اقدامات کیے ہیں حکومت پاکستان ملک بھر میں اسرائیلی پراڈکٹس کا بائیکاٹ کرنے کا اعلان سرکاری سطح پر کرے ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ وہ عرصہ دراز سے وزیر آباد اور گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ گکھڑ منڈی میں ڈکیتی کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ گرفتار ملزمان نے رواں سال فروری میں دوران واردات شہری کو فائر مار کر مضروب کر دیا تھا۔ ملزمان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے اٹھارہ لاکھ چالیس ہزار روپے نقدی، ایک عدد موٹر سائیکل، ناجائز اسلحہ اور ایک راس کٹا برآمد کر لیں۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں سرغنہ عادل اور انوس مسیح شامل ہیں۔ دوران تفتیش ملزمان نے انکشاف کیا کہ وہ عرصہ دراز سے وزیر آباد اور گوجرانوالہ شہر خصوصاً علاقہ تھانہ گکھڑ منڈی میں ڈکیتی کی متعدد وارداتیں کی ہیں۔ گرفتار ملزمان نے رواں سال فروری میں دوران واردات شہری کو فائر مار کر مضروب کر دیا تھا۔ ملزمان سے مزید تفتیش جاری۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کاروائیاں کرنے پر لوگوں نے مقامی پولیس کو زبردست خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر سی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیت اور موٹر سائیکل چور معاشرے کا ناسور ہیں ان کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں جاری رہیں گیں سی پی او نے ایس ایچ او تھانہ اسپکٹر فرحت عباس، اسپکٹر زین، اے ایس آئی شہریار اور اُنکی پولیس ٹیم کے جوانوں کو اعلی کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر شاباش دی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اسن ممتاز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ایس این اے افضال حسین سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس اقدامات پر مکمل درآمد کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالبار گجر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالبار گجر کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایکسیڈنٹ ریویو کمیٹی کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین، محکمہ ٹریفک وہائی وے پولیس اور ریسکیو 1122 حکام سمیت متعلقہ داروں کے افسران بھی موجود تھے سیکرٹری ڈی آر ٹی اے واصف یاسین نے رواں ماہ کے ٹریفک حادثات بارے تفصیلی بریفنگ دی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ چوہدری عبدالبار گجر نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ٹریفک حادثات سے بچاؤ کے لیے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکنے کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں، روڈ سیفٹی کے لیے اہم مقامات پر سپیڈ بریکرز، کٹس، یوٹرن بنانے کے لیے حکمت عملی تیار کر کے جلد از جلد اقدامات کیے جائیں، اس کے علاوہ ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے سلسلہ میں عوام کو موثر آگاہی فراہم کی جائے اور کم عمر ڈرائیورز کو روڈ پر آنے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے اور بغیر فٹنس سرٹیفکیٹ اور روٹ پرمٹ گاڑیوں کے خلاف کاروائیوں کا سلسلہ جاری رکھا جائے۔

اے ڈی سی جی ایوب بخاری کا علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ

سہولیات، ادویات کی فراہمی وطبی آلات درست رکھیں غفلت برداشت نہیں ہوگی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) عوامی اقدامات پر شہریوں کیجانب سے زبردست پزیرائی پانے والے سیالکوٹ انتظامیہ کے دبنگ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سید ایوب بخاری نے عید کے فوری بعد دوبارہ گورنمنٹ علامہ اقبال میموریل ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ کیا اور او پی ڈی وہسپتال کے مختلف شعبہ جات میں جا کر مریضوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے مریضوں اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات، ادویات کی فراہمی اور ڈاکٹروں کے رویہ کے بارے میں خصوصی طور پر دریافت کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سید ایوب بخاری نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے احکامات کے تحت سرکاری ہسپتالوں میں ادویات کی مستقل فراہمی کے لئے اقدامات کئے گے ہیں اور یقینی بنایا جارہا ہے کہ تمام طبی عملہ مکمل توجہ کے ساتھ اپنے فرائض سرانجام دے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیوٹی سے غیر حاضری، مریضوں کیساتھ ناروا سلوک اور غفلت کسی صورت بھی برداشت نہیں کی جائے گی اور سخت کاروائی فوری طور پر عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے ہسپتال کے بلڈ بنک کا معائنہ کیا اور وہ ایمرجنسی، سرجیکل وارڈ اور دیگر شعبوں میں بھی گئے۔ انہوں نے مکی آلات کا بھی معائنہ کیا اور ہسپتال انتظامیہ کو ہدایت کی کہ تمام حالات کو مکمل طور پر درست اور چالو حالت میں رکھا جائے تاکہ مریضوں کو بروقت سہولیات میسر ہوسکیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) نے اس موقع پر ڈاکٹروں اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری بھی چیک کی۔

گوجرانوالہ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری

مضر صحت آئس کریم نے بچوں خواتین بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/نوید بخاری) گوجرانوالہ اور گردونواح میں زہر بیچنے کا سلسلہ جاری 'مضر صحت آئس کریم نے بچوں' خواتین' بزرگوں کو بیمار کرنا شروع کر دیا' آئس کریم کے نام پر شہریوں میں بیماریوں کے دعوت نامے بانٹے جانے لگے۔ گوجرانوالہ کے مختلف علاقوں میں مضر صحت' غیر معیاری اور ملاوٹی آئس کریم کی بلا روک ٹوک فروخت جاری ہے' جس کے نتیجے میں متعدد بچے 'خواتین' بزرگ اور نوجوان بیمار ہونے لگے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ آئس کریم فروش حفظان صحت کے اصولوں کی سر یحاً خلاف ورزی کر رہے ہیں۔ کھلے عام گندگی میں تیار کی گئی آئس کریم فروخت کی جا رہی ہے' جس میں نہ معیار کا خیال رکھا جا رہا ہے' نہ صفائی کا۔ بدبودار دودھ ناقص فلیورز اور کیمیکلز سے تیار شدہ آئس کریم مہنگے داموں بیچی جا رہی ہے۔ متعدد مقامی کلینکس میں فوڈ پوائزننگ' قے' دست اور بخار کے مریضوں کی تعداد میں تشویشناک حد تک اضافہ ہو رہا ہے۔

گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر دو بچوں کی ماں خودکشی

حجرہ شاہ مقیم کی رہائشی دو بچوں کی ماں 25 سالہ صائمہ کا بیروزگاری کی وجہ سے اکثر اپنے خاوند سے جھگڑا رہتا تھا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں گھریلو جھگڑے پر دلبرداشتہ ہو کر دو بچوں کی ماں نے گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کر لی۔ 25 سالہ صائمہ کا بیروزگاری کی وجہ سے اکثر اپنے خاوند سے جھگڑا رہتا تھا گزشتہ روز صائمہ نے گھریلو جھگڑے سے دلبرداشتہ ہو کر گلے میں پھندا ڈال کر



تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ محلہ اسماعیل پورہ حجرہ شاہ مقیم کی رہائشی دو بچوں کی ماں خودکشی کر لی پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے نعش کو ہسپتال منتقل کر کے کاروائی کا آغاز کر دیا ہے۔

تیز رفتار لوڈر رکشہ نے بے قابو ہو کر آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل سوار نوجوان لڑکی سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار لوڈر رکشہ نے بے قابو ہو کر آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل سوار نوجوان لڑکی سمیت چار افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق چونگی نمبر 7 جی ٹی روڈ اوکاڑہ کے قریب تیز رفتار لوڈر رکشہ نے بے قابو ہو کر آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں آٹو رکشہ اور موٹر سائیکل سوار 32 سالہ عمران 54 سالہ جمیل 32 سالہ ندیم اور 19 سالہ اقراء شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

او باش نے گھر داخل ہو کر جان سے مارنے کی دھمکی دیکر زبردستی تین بچوں کی ماں کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ کے نواح میں او باش نے گھر داخل ہو کر جان سے مارنے کی دھمکی دیکر زبردستی تین بچوں کی ماں کو زیادتی کا نشانہ بنا دیا تفصیلات کے مطابق آبادی یعقوب کنڈ اوالی حجرہ شاہ مقیم کے رہائشی محمد انصر کی بیوی تین بچوں کی ماں رضیہ بی بی اپنے بچوں کے ہمراہ گھر میں سوئی ہوئی تھی کہ اچانک او باش خالد ولد رحمت دیوار پھلانگ کر گھر میں داخل ہوا اور رضیہ بی بی کو بچوں سمیت جان سے مارنے کی دھمکی دیکر زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا پولیس تھانہ حجرہ شاہ مقیم نے خاوند کی درخواست پر مقدمہ درج کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا ہے۔

جرائم کا خاتمہ اولین ترجیح ہے: ایس ایچ او حافظ عاصم

دو رکنی ڈکیت گینگ علی ڈون کو گرفتار کر کے شناخت پریڈ کے لیے جیل بھیج دیا

ظفروال (زاہد چوہدری سے) تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز تھانہ لیسر کلاں کے ایس ایچ او حافظ عاصم سب انسپکٹر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ڈی ایس پی سرکل ظفروال عبدالحمید ورک کی زیر نگرانی دو رکنی ڈکیت گینگ علی ڈون کو گرفتار کر کے شناخت پریڈ کے لیے جیل بھیج دیا دوسری کاروائی میں دو مفتیات فروش گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیے۔ جن میں خالد سکنہ بھگور کے قبضہ سے 1480 گرام چرس اور امین سکنہ وچلا چک سے 1160 گرام چرس برامد کر کے دونوں ملزمان کو گرفتار کر لیا اشتہاری کا ظم اے کیٹیگری کا اسلحہ اور نقدی سمیت گرفتار ایس ایچ او لیسر کا کہنا ہے کہ ڈی پی او کے حکم پر عمل درآمد کرتے ہوئے علاقے سے چوری ڈکیتی مفتیات فروشی اور ناجائز قبضہ گروپ کا خاتمہ اولین ترجیح ہے جس کے لیے میں اور میری پوری ٹیم دن رات محنت کر رہی ہے

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی زیر صدارت افسران کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس، اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد ابراہیم ارباب، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حافظ محمد عمر طیب، اسسٹنٹ کمشنر اوکاڑہ اسن ممتاز، ڈپٹی ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ مرغوب حسین، سب ڈویژنل انفورسمنٹ آفیسر وسیم جاوید، ایس این اے افضال حسین سمیت دیگر افسران نے شرکت کی، ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید نے کہا کہ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس اقدامات پر مکمل درآمد کے ذریعے عوام کے لیے آسانیاں پیدا کی جائیں۔

ریکارڈ یافتہ ڈکیت گینگ کے 02 ارکان پولیس کی حراست میں

ملزمان کے قبضہ سے 18 لاکھ 40 ہزار روپے نقدی، 01 عدد موٹر سائیکل، ناجائز اسلحہ اور 1 راس کٹا برآمد



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال/نوید بخاری) سٹی پولیس آفیسر محمد ایاز سلیم نے ضلع بھر میں ڈکیتوں، چوروں اور جرائم پیشہ افراد کے خلاف سخت کاروائیاں کرنے کے احکامات جاری کر رکھے ہیں۔ انہی احکامات کے پیش نظر اے ایس پی وزیر آباد حسن بلال کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ گکھڑ منڈی انسپکٹر فرحت عباس، انسپکٹر زین افضل، اے ایس آئی شہریار نے اپنی پولیس ٹیم کے ہمراہ اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے عادل ڈکیت گینگ کے دو ارکان کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضہ سے اٹھارہ لاکھ چالیس ہزار روپے نقدی، ایک عدد موٹر سائیکل، ناجائز اسلحہ اور ایک راس کٹا برآمد کر لیں۔ گرفتار کیے گئے ملزمان میں سرغنہ عادل اور انوس مسیح شامل ہیں۔

''ڈرگ فری پنجاب'' کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

پولیس نے خفیہ اطلاعات پر مختلف علاقوں سے دو منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کر لیا

پنجوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق ''ڈرگ فری پنجاب'' کے تحت منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری پولیس نے خفیہ اطلاعات پر مختلف علاقوں سے دو منشیات فروش ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار منشیات فروش ملزمان کے قبضہ سے 1670 گرام ہیروئن برآمد ہوئی، آرگنائزڈ کرائم یونٹ سے اے ایس آئی نصر اللہ خان نے منشیات فروش ملزم جاوید کو 1200 گرام ہیروئن سمیت گرفتار کیا، تھانہ کانڈیوال پولیس نے منشیات فروش ملزم کو 470 گرام چرس سمیت گرفتار کیا، گرفتار ملزمان کے تھانہ چناب نگر اور تھانہ کانڈیوال میں منشیات کی دفعات کے تحت مقدمات درج، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا ہے کہ ضلع بھر میں منشیات فروشوں کیخلاف سپیشل مہم کے تحت کریک ڈاؤن جاری ہے، منشیات کے مقدمات کی معیاری تفتیش کو یقینی بناتے ہوئے ملزمان کو سزائیں دلوائی جارہی ہیں

دیپالپور میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف پولیس کی کارروائی کے دوران تین خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے

واقعہ دایا رام پل کے قریب پیش آیا جہاں پولیس نے مشکوک موٹر سائیکل سواروں کو چیکنگ کے لیے روکا، مگر ان افراد نے پولیس پر فائرنگ شروع کر دی اور فرار ہونے کی کوشش کی

دیپالپور (زاہد عمران جنجوعہ) دیپالپور میں جرائم پیشہ افراد کے خلاف پولیس کی کارروائی کے دوران تین خطرناک ڈاکو ہلاک ہو گئے۔ یہ

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) جمعۃ المبارک 11 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی دعوے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ نمبر 1

اجلاس منعقد ہوا جس میں آسان لائسنسنگ اور آسان کاروبار کا پروگرام پیش کیا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جائزہ لیا کیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے کاروباری افراد کی حوصلہ افزائی کی ہدایت کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ قرض حاصل کرنے والوں کو انٹرپرنیورشپ، سوشل، چھوٹے کاروبار کو ترجیح دی جائے گی۔ کاروبار شروع کرنے والوں کو 80 ہزار سے 2 لاکھ روپے تک کی مالی مدد دی جائے گی۔ کاروبار کے لیے 34 ہزار کاروبار افراد کو لیپ ٹاپ دیئے گئے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے قرض کی فراہمی کے دوران کسی بھی قسم کی رشوت کی سختی سے ممانعت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ہدایت کی کہ کاروبار کے لیے قرض لینے والے افراد کی مکمل تربیت کی جائے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اجلاس کو بتایا گیا کہ قرض حاصل کرنے والے افراد کی مکمل تربیت کی جائے گی

یو ایم ٹی میں لائف سائنسز پر دوسری اور کیمسٹری پر تیسری عالمی کانفرنس کا انعقاد

جدید سائنس، اے آئی اور تحقیق کے ساتھ آگے بڑھنا وقت کی اہم ضرورت ہے کیونکہ سائنس اور تحقیق کا فروغ ملکی ترقی کے لیے ناگزیر ہے

یو ایم ٹی پاکستان کی نمبر ون نجی یونیورسٹی ہے جو تحقیق پر مبنی تعلیمی نظام کے ذریعے معاشرتی مسائل حل کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، گورنر

لاہور (خبرنگار) یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) میں لائف سائنسز پر دوسری اور کیمسٹری پر تیسری بین الاقوامی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ ان کانفرنسز کا اہتمام یو ایم ٹی سکول آف سائنس نے کیا، جس میں قومی اور بین الاقوامی ماہرین اور محققین نے خصوصی شرکت کی۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خاں نے کانفرنس میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ کانفرنس میں ریکارڈ یو ایم ٹی ڈاکٹر آصف رضا، ڈی جی احمد عبداللہ، چیف ایڈوائزر لیفٹیننٹ جنرل (ر) جاوید حسن، ڈین کینیڈا اور دیگر ملکوں کے ریسرچ فرز اور ماہرین نے شرکت کی اور اپنے تحقیقی مقالہ جات پیش کیے۔ کانفرنس میں 250 سے (بقیہ نمبر 45)



گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر یو ایم ٹی میں فیتہ کاٹ کر عالمی کانفرنس کا افتتاح کر رہے ہیں۔

عالمی بنک کے وفد کا میگاواٹ کے ترپیلا الٹرا سپر کریٹیکل منصوبہ کا دورہ

وفد کی قیادت عالمی بنک کے جنوبی ایشیا میں ریجنل ڈائریکٹر برائے انفراسٹرکچر کر رہے تھے، چیئرمین واپڈا بھی وفد کے ہمراہ تھے

پراجیکٹ کی تمام سات سائٹس پر تعمیراتی کام تسلی بخش رفتار سے جاری ہے، پراجیکٹ سے بجلی کی پیداوار 2026 میں شیڈول ہے، وفد کو بریفنگ

لاہور (پی ایم آئی این) عالمی بنک کے جنوبی ایشیا میں ریجنل ڈائریکٹر برائے انفراسٹرکچر کرسٹینا گیورگیوا کی قیادت میں عالمی بنک کے 6 رکنی وفد نے 1530 میگا واٹ کے ترپیلا الٹرا سپر کریٹیکل پاور پراجیکٹ کا دورہ کیا۔ وفد کی قیادت عالمی بنک کے جنوبی ایشیا میں ریجنل ڈائریکٹر برائے انفراسٹرکچر کرسٹینا گیورگیوا کر رہی تھیں جبکہ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سہیل محمود وفد کے ہمراہ تھے۔ وفد نے پراجیکٹ کی تعمیراتی سائٹ کا دورہ کیا اور وہاں جاری تعمیراتی سرگرمیوں کا مشاہدہ کیا۔ اس سائٹس میں ریڑ ان لیک، ٹنل، پن سٹاک اور پاور ہاؤس شامل ہیں۔ چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) سہیل محمود وفد کو خبر متعلق گئی اذیں چیئرمین واپڈا نے وفد کو بتایا کہ پاکستان میں پانی اور بجلی کے مسائل کو بروقت کار لانے کیلئے عالمی بنک کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ واپڈا اور عالمی بنک کے مابین گذشتہ (بقیہ نمبر 43)



وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی سیالوال میں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سٹال کا افتتاح کر رہے ہیں

سرگودھا رینج میں قائم ریلیف کیمپوں نے 1078 مہاجرین کو طورخم بارڈر پر منتقل کر دیا

سرگودھا (سٹاف رپورٹر) پاکستان سے افغان مہاجرین کی افغانستان کے لئے سرگودھا رینج میں قائم ریلیف کیمپوں نے 1078 مہاجرین کو طورخم بارڈر پر منتقل کر دیا۔ ذرائع کے مطابق سرگودھا رینج میں افغان مہاجرین کے انخلا کے لئے قائم ریلیف کیمپوں نے اب تک 1078 مہاجرین کو بحفاظت طورخم بارڈر منتقل کر دیا

پشاور فائرنگ کے تبادلے میں 2 افراد جاں بحق، 11 زخمی

پشاور (سٹاف رپورٹر) پشاور کے علاقے حکمال پایاں میں 2 فریقین کے درمیان فائرنگ سے 2 افراد جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں دو خواتین سمیت 11 افراد زخمی ہوئے ہیں۔ فائرنگ کے بعد ملزمان موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے بتایا ہے کہ فائرنگ کے جاں بحق 2 افراد کے ورثا کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا ہے۔

سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

سماعی میلے پر آنے والے سکھ یاتریوں اور میلہ چراغاں کے زائرین کو گھر پر سیکیورٹی فراہم کی جائے گی، بلال صدیق کمیانہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کمیشنل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سماعی میلے پر آنے والے سکھ یاتریوں اور میلہ چراغاں کے زائرین کو گھر پر سیکیورٹی فراہم کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یاتریوں کی قیام گاہوں کے مکمل حفاظتی انتظامات یقینی بنانے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ کمرشل و ٹریفک افسران سکھ یاتریوں کے لئے خصوصی حفاظتی انتظامات کیے جائیں۔ ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز محمد عثمان سکیورٹی پلان بنائیں۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کرنٹوں اور اختیارات سے تجاوز پر کوئی سمجھوتہ نہیں۔



لاہور (سٹاف رپورٹر) سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔

بیساکھی میلے میں شرکت کیلئے دنیا بھر سے ہزاروں سکھ یاتریوں کی آمد کا آغاز

بھارت سے سکھ یاتریوں کی بڑی تعداد واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچی ، حکام نے استقبال کیا

کرم موسم میں سکھ یاتریوں کی اسپیشل اور روح افزا کے کھٹڑے کھٹڑے مشروب سے تواضع کی گئی

لاہور (پی ایم آئی این) بیساکھی میلے میں شرکت کے لیے دنیا بھر سے سکھ یاتریوں کی آمد کا آغاز ہو گیا، تاریخ میں پہلی مرتبہ 7 ہزار سے زائد یاتری پاکستان آرہے ہیں، بھارت سے سکھ یاتریوں کی بڑی تعداد واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچی۔ پنجاب کے صوبائی وزراء اور متروکہ وقف املاک بورڈ کے نمائندگان نے یاتریوں کا استقبال کیا، پنجاب حکومت کی جانب سے سکھ یاتریوں کے لیے خصوصی حفاظتی انتظامات کیے گئے۔ پاک ریجرز، پولیس اور سیکیورٹی ہائذ بنائیں۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یاتریوں کی سیکیورٹی کی تمام تیاریاں بھی مکمل کر لی گئیں۔ یاتریوں کو واہگہ بارڈر سے سخت حفاظتی حصار میں ننکانہ صاحب پہنچایا گیا، اسکول کالجز کے طلبہ، اساتذہ نے پاکستان پہنچنے والے یاتریوں کا پھول نچھاور کیے، گرم موسم میں یاتریوں کی اسپیشل اور روح افزا کے کھٹڑے کھٹڑے مشروب سے تواضع کی گئی (بقیہ نمبر 52)

لاہور (پی ایم آئی این) بیساکھی میلے میں شرکت کے لیے دنیا بھر سے سکھ یاتریوں کی آمد کا آغاز ہو گیا، تاریخ میں پہلی مرتبہ 7 ہزار سے زائد یاتری پاکستان آرہے ہیں، بھارت سے سکھ یاتریوں کی بڑی تعداد واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچی۔

مسئلہ فلسطین پر عظیم اور آرمی چیف امت مسلمہ کی ترجمانی کریں، ضیاء الدین انصاری

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مون مارکیٹ، نابو مارکیٹ، اردو بازار سمیت دیگر مارکیٹوں کے تاجر رہنماؤں سے ملاقاتیں کیں

لاہور کی پوری تاجر برادری نے اہل فلسطین کیساتھ بھرپور اظہار یکجہتی کیلئے 11 اپریل کو غزہ مارچ میں بھرپور شرکت کر یگی، امیر جماعت اسلامی کا گفتگو

تاجران پاکستان کے نائب صدر خالد پرویز بٹ، محترمیحی صدر انجمن تاجران بانو مارکیٹ کا غزہ مارچ کی مکمل حمایت کا اعلان کیا۔ رانا نوید پلس چیئرمین، حامد شاہ نائب (بقیہ نمبر 50)



پاکستان کے ساتھ ایم او یو کے موقع پر صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد پاکستان کے تاجران سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان اور یو ایم ٹی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

یہ شراکت داری پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کیلئے نئے باب کا آغاز ہے، صدر یو ایم ٹی ابراہیم حسن مراد

لاہور (خبرنگار) پاکستان میں بلاک چین ایجوکیشن اور ڈیجیٹل جدت کو فروغ دینے کیلئے دنیا کی معروف بلاک چین کرنسی بائننس (Binance) کے ساتھ یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی (یو ایم ٹی) پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کی جہت کا تعین کرنے جا رہی ہے جس کے تحت بائننس اکیڈمی پاکستان کے ایک لاکھ نوجوانوں کو تربیت اور کمی مہارتوں کے ذریعے بااختیار بنائے گی۔ اس موقع پر یو ایم ٹی کے صدر ابراہیم حسن مراد نے کہا کہ یہ شراکت داری یو ایم ٹی کے وژن کا ایک نیا باب ہے جس کا مقصد پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کی جہت کو نئے انہوں نے کہا کہ بائننس (بقیہ نمبر 56)

اے این ایف کی کارروائی، تعلیمی اداروں کے قریب طلبا کو منشیات فروخت کرنے والے گرفتار

گورنیئر کے ذریعے تجنی جانے والی ایک کلو سے زیادہ چرس برآمد کر لی گئی، اے این ایف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) مینٹی نارکوٹکس فورس (اے این ایف) نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن میں 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 33 کلو 600 گرام منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق پشاور میں یونیورسٹی کے قریب ملزمان سے 500 گرام ویڈ اور 200 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ملزمان کے قبضے سے 300 گرام چرس بھی برآمد کر کے گرفتار کیا گیا۔ ملزمان نے تعلیمی اداروں کے طلبہ کو منشیات فروخت کرنے کا اعتراف کیا



لاہور: وزیر تعمیرات و مواصلات پنجاب ملک صہیب احمد بھر تھے رنگ روڈ لاہور پر ڈبیجیٹل چالان ادائیگی ایپ کا افتتاح کر رہے ہیں

اے این ایف کا کریک ڈاؤن، 33 لاکھ روپے مالیت سے زائد کی منشیات برآمد

لاہور (سٹاف رپورٹر) مینٹی نارکوٹکس فورس نے منشیات کے خلاف کریک ڈاؤن میں 4 ملزمان کو گرفتار کر کے 33 کلو 600 گرام منشیات برآمد کر لی۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق پشاور میں یونیورسٹی کے قریب ملزمان سے 500 گرام ویڈ اور 200 گرام آئس برآمد ہوئی۔ ملزمان کے قبضے سے 300 گرام چرس بھی برآمد کر کے گرفتار کیا گیا۔

شرقپور شریف، 2 خطرناک اشتہاری ڈکیت گرفتار

شرقپور شریف (سٹاف رپورٹر) پولیس نے 2 خطرناک اشتہاری ڈکیت گرفتار کر لیے۔ ڈی پی او بلال ظفر شیخ نے بتایا کہ گرفتار ملزمان ساجد ریاڑ و یافتہ اور عادی جرائم پیشہ گروہ کے سرغنہ ہیں۔ ملزمان کے خلاف تھانہ شاہدرہ میں 4 مقدمات درج ہیں۔ ملزمان سے 2 موٹر سائیکل، 2 پستول اور 2 رائفلیں برآمد کی گئی ہیں۔ ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر لیے گئے ہیں۔

اسرائیل ایک ناجائز ریاست ہے جسے کسی صورت قبول نہیں کریں گے، شرکاء

علی ہجویر چشتی (این این آئی) اسرائیلی جارحیت بربریت اور غزہ کے مظلوم مسلمانوں سے اظہار یکجہتی کیلئے پریس کلب اور پراپٹیٹ سکول ایسوسی ایشن کے صدر شیر میں پریس کلب سید شجاب حسین زیدی اور جاوید اقبال بٹ کی قیادت میں حیدری چوک میں احتجاج اسرائیلی مصنوعات کے بائیکاٹ کا مطالبہ فلسطین کے حق میں مرحبہ مظاہرہ میں ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کی شرکت

لالہ موسیٰ سے براستہ مکھوال پنڈ دادنخان چلنے والی ٹرین کا روٹ 15 اپریل سے تبدیل

گروہ (این این آئی) پاکستان ریلوے نے لالہ موسیٰ سے براستہ مکھوال پنڈ دادنخان چلنے والی ٹرین کا روٹ 15 اپریل سے تبدیل کر دیا۔ محکمہ ریلوے کے ترجمان کے مطابق لالہ موسیٰ سے چلنے والی 6 بجے روانہ ہونے والی ٹرین 15 اپریل سے صبح 10:40 پر روانہ ہو کر پنڈ دادنخان پہنچے گی۔ پنڈ دادنخان سے 11:30 پر روانہ ہو کر لالہ موسیٰ پہنچے گی۔

پولیس کا سکیل ریٹائرڈ سکول ٹیچر کے بیٹے کو میٹرک پولیس میں بھرتی کروانے کے لیے 12 لاکھ روپے رشوت وصول کرنے کے مقدمہ میں گرفتار

سرگودھا (این این آئی) انگلہ مینٹی کرپشن نے میانوالی جیل پولیس کے کا سکیل ریٹائرڈ سکول ٹیچر کے ساتھ مل کر بھرتی کے لیے 12 لاکھ روپے رشوت وصول کرنے کے مقدمہ میں گرفتار ملزم کو عدالت میں پیش کیا جا رہا ہے

وساکھی میلہ اور خالصہ جنم دن کی تقریبات میں شرکت کیلئے سکھ یاتریوں کی پاکستان آمد

صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ نے دیگر کے ہمراہ استقبال کیا

ویزے جاری کر کے حکومت پاکستان نے ہمارا دل جیت لیا ہے، جتھہ لیڈر ریویندر سنگھ

لاہور (خبرنگار) بھارت سے سکھ یاتریوں کی ایک بڑی تعداد بذریعہ واہگہ بارڈر کے راستے پاکستان پہنچ گئی۔ سکھ یاتری، وساکھی میلہ اور 326 ویں خالصہ جنم دن کی مذہبی تقریبات میں شرکت کریں گے۔ صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا جبکہ اروڑہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ (بقیہ نمبر 55)



لاہور: صوبائی وزیر اقلیتی امور رمیش سنگھ اروڑہ، سکھ یاتریوں کی آمد کے موقع پر واہگہ بارڈر پر میڈیا نمائندگان سے گفتگو کر رہے ہیں

وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی سے ایم پی اے شعیب صدیقی کی ملاقات

پکی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دلانے سمیت دیگر شہری مسائل پر تفصیلی گفتگو

وفاقی وزیر ریلوے کی تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرانے کی یقین دہانی

لاہور (خبرنگار) وفاقی وزیر ریلوے حنیف عباسی نے ممبر پنجاب اسمبلی و مسلم لیگ (ن) کے تنظیمی عہدیدار شعیب صدیقی سے ملاقات کی۔ ملاقات میں پکی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دلانے سمیت دیگر شہری مسائل کے ترجیحی بنیادوں پر حل کی یقین دہانی کرائی گئی ہے۔ وفاقی وزیر ریلوے نے شعیب صدیقی کو ان کے انتخابی حلقے میں پکی آبادیوں کو مالکانہ حقوق دلانے کی خصوصی مہم پر مبارکباد دی۔ ملاقات میں شعیب صدیقی نے ریلوے کی ملازمین سیٹ دیگر حلقہ کیبنوں کو بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی، سگنلز کے نظام کو جدید بنانے، ریلوے کراسنگز پر انڈر پاسز اور اوور ہیڈ برجز کی تعمیر، ریلوے کالونیوں کی تعمیر نو، ریلوے کے خالی پلاٹوں کی الاٹمنٹ، ریلوے کے ملازمین کے بچوں کے لیے تعلیمی وظائف، ریلوے کے ملازمین کے بچوں کے لیے کوٹہ سسٹم کی بحالی، ریلوے کے ملازمین کے لیے ہیلتھ کارڈ کے اجرا، ریلوے کے ملازمین کے لیے ہاؤسنگ سکیم